دیئے گئے افعال مضارعہ کا جملہ مفیدہ میں امر کی صورت میں استعمال

(۱) اِشْتَرِلِیْ حِذَاءً وَلْیَدْعُ زَیْدٌ اَجِیْرًا

(۲) لِیَاْمُرْ خَالِدٌ اَھْلَ بَیْتِہٖ بِالصَّلٰوۃِ

(۳) لِیَغْفِرْ اَحْمَدُ خَطَأَ اَخِیْہِ الصَّغِیْرِ

(۴) مُرْ خَالِدًا لِیَسْمَعْ کَلَامِی

(۵) لِیَرْمِ خَالِدٌ حَجَرًا لِدَفْعِ الْکَلْبِ عَنِ الطَّرِیْقِ

(۶) قُلْ لِزَیْدٍ لِیَنْتَبِہْ لَیْلاً

(۷) لِیَنْسَ الرَّجُلُ خَطَاءَ صَدِیْقِہٖ

التمرین ۳ (مشق نمبر۳)

اِقْرَأِ الْاَمْثِلَۃَ الْآتِیَۃَ وَضَعْ "لَمَّا" بَدَلاً مِن "لم" فِی کُلِّ مِثَالٍ یَصْلَحُ فِیْہِ ذٰلِکَ

آنے والی مثالوں کو پڑھئے اور ہر مثال کے اندر جس میں صلاحیت ہو لَمْ کی جگہ لَمَّا کو رکھیں۔

(۱) لَمْ نَذْھَبْ اِلَی الْحَدِیْقَۃِ اَمْسِ

(۲) لَمْ یَحْضُرْ وَالِدِی مِنَ السَّفِرَ

(۳) نَزَلَ الْمَطَرُ وَلَمْ یَنْقَطِعْ

(۴) لَمْ اَزِرِ الْبَارِحَۃَ اَحَدًا

(۵) لَمْ تَرْبَحْ تِجَارَتُنَا فِی الْعَامِ الْمَاضِی

(۲) ضَاعَتْ عَصَایَ وَلَمْ اَجِدْهَا

حل:

مناسب جملوں میں لَمَّا کا استعمال

(۱) لَمَّا یَحْضُرُ وَالِدِی مِنَ السَّفَرِ (۲) نَزَلَ الْمَطَرُ وَلَمَّا یَنْقَطِعُ

(۳) ضَاعَتْ عَصَایَ وَلَمَّا اَجِدْهَا

التمرین ۴ (مشق نمبر۴)

ضَعْ بَدَلَ كُلِّ جُمْلَةٍ مِنَ الْجُملَةِ الْآتِيَةِ جُمْلَةً اُخْرىٰ مُوَافِقَةً لَهَا الْمَعْنٰی بِحَیْثُ یَکُوْنُ فِعْلُهَا مُضَارِعًا

آنے والے جملوں میں سے ہر جملے کی جگہ کوئی دوسرا جملہ رکھیں جو اس کے ہم معنی ہو اس حیثیت سے اس کا فعل فعل مضارع ہو۔

(۱) مَاسَافَرَ اَخِیْ اِلَی الْآن (۲) نَمْ مُبَكِّرًا وَسْتَيْقِظْ مُبَكِّرًا

(۳) اِرْحَمِ الضَعِيْفَ (۴) مَاانْتَهٰی الشِتَآءُ اِلَی الْآنِ

(۵) اِسْتَمِعْ نُصْحَ وَالِدَكَ (۶) اِغْسِلْ فَمَكَ قَبْلَ النَوْمِ

حل:

دیئے گئے جملوں کا ہم معنی جملوں میں استعمال

(۱) لَمَّا یُسَافِرُ اَخِیْ

(۲) لِيَنَمْ مُبَكِّرًا وليَسْتَيْقِظْ مُبَكِّرًا

(۳) لِيَرْحَمِ الضَّعِيْفَ (۴) لَمَّا یَنْتَهِ الْسِقَآءُ

(۵) لِيَسْتَمِعْ رَجُلٌ نُصْحَ وَالِدِهٖ

(۶) لِيَغْسِلِ الرَّجُلُ فَمَهٗ قَبْلَ النَوْمِ

التمرین ۵ (مشق نمبر۵)

(۱) كَوِّنْ جُمْلَتَيْنِ فِی كُلٍّ مِنْهَا فِعْلٌ مُضَارِعٌ صَحِيْحُ الْآخِرِ مَجْزُوْمٌ بلَمّا

دو ایسے جملے بنائیے کہ ان میں سے ہر ایک میں ایسا فعل مضارع ہو جو صحیح الآخر ہو اور لَمَّا کی وجہ سے مجزوم ہو۔

حل:

(۱) کَبُرَ تِلْمِیْذٌ وَلَمَّا یَتَهَذَّبْ (۲) ذَهَبَ زَیْدٌ اِلَی السُّوْقِ وَلَمَّا یَرْجِعْ

(۲) کَوِّنْ جُمْلَتَیْنِ فِی کُلٍّ مِنْهَا فِعْلٌ مُضَارِعٌ مُعْتَلُ الْآخِرِ مَجْزُوْمٌ بِلَمَّا

دو جملے ایسے بنائیے کہ ان میں سے ہر جملے میں ایسا فعل مضارع ہو جو معتل الآخر ہو اور لَمَّا کی وجہ سے مجزوم ہو۔

حل:

(۱) ذَهَبَ خَالِدٌ اِلَی الْمَدْرَسَةِ وَلَمَّا یَدْعُ صَدِیْقَهٗ

(۲) سَافَرَ خَالِدٌ بِالْقِطَارِ وَلَمَّا یَدْنُ اِلٰی مَنْزِلِهٖ

(۳) کَوِّنْ جُمْلَتَیْنِ فِی کُلٍّ مِنْهَا فِعْلٌ مُضَارِعٌ صَحِیْحُ الْآخِرِ مَجْزُوْمٌ بِلَامِ الْاَمْرِ

دو جملے ایسے بنائیے کہ ان میں سے ہر ایک ایسے فعل مضارع ہو جو صحیح الاخر ہو اور لام امر کی وجہ سے مجزوم ہو۔

حل:

(۱) لِیُوْقِدِ الْخَادِمُ الْمِصْبَاحَ (۲) لِیُعَالِجِ الطَّبِیْبُ الْمَرِیْضَ

(۴) کَوِّنْ جُمْلَتَیْنِ فِی کُلٍّ مِنْهَا فِعْلٌ مُضَارِعٌ مُعْتَلُ الْآخِرِ مَجْزُوْمٌ بِلَامِ الْاَمْرِ

دو جملے ایسے بنائیے کہ ان میں سے ہر جملے میں ایسا فعل مضارع ہو جو معتل الآخر ہو اور لام امر کی وجہ سے مجزوم ہو۔

حل:

(۱) لِیَرْمِ الصَّیَّادُ شَبَکَتَهٗ فِی الْمَاءِ

(۲) لِیَدْعُ الدَّاعِی کُلَّ اِنْسَانٍ اِلَی الْخَیْرِ

۲۔ اَلْاَدَوَاتُ الَّتِی تَجْزِمُ فِعْلَیْنِ

(وہ حروف جو دو فعلوں کو جزم دیتے ہیں)

اَلْاَمْثِلَةُ: مثالیں

(۱) مَنْ یُفْرِطْ فِی الْاَکْلِ یَتْخَمْ جو زیادہ کھائے گا اسے بدہضمی ہوگی۔

(۲) مَنْ یَتْعَبْ فِی صِغَرِہٖ یَتَمَتَّعْ فِی کِبَرِہٖ

جو اپنی چھوٹی عمر میں مشقت اٹھائے گا بڑی عمر میں نفع اٹھائے گا۔

(۳) مَنْ یَجْتَنِبْ اَذَی النَّاسِ یَنْجُ مِن اَذَاھُمْ

جو لوگوں کو تکلیف دینے سے اجتناب کرے گا وہ ان کی تکلیف سے بچ جائے گا۔

(۴) مَنْ یُسَافِرْ تَزْدَدْ تَجَارِبُہٗ

جو شخص سفر کرے گا اس کے تجربے زیادہ ہوں گے۔

(۵) مَاتَدَّخِرْ مِنْ مَالِكَ یَنْفَعْكَ

تو جو اپنے مال سے جمع کرے گا وہ تجھ کو نفع دے گا۔

(۶) مَاتُضَیِّعْ مِنْ وَقْتِكَ تَنْدَمْ عَلَیْہِ

تو جو اپنے وقت سے ضائع کرے گا اس پر تو پچھتائے گا۔

(۷) مَاتُتْلِفْ تَغْرَمْ ثَمَنَہٗ

تو جو چیز ضائع کرے گا اس کی قیمت کا ذمہ دار ہوگا۔

(۸) مَاتُنْفِقْ فِی الْخَیْرِ تُجْزَبِہٖ

تو جو بھلائی میں خرچ کرے گا تجھے اس کا بدلہ ملے گا۔

اَلْبَحْثُ (تحقیق)

تَقَدَّمَ لَنَا فِی الْجُزْءِ الْاَوَّلِ اَنَّ "اِنْ" تَجْزِمُ فِعْلَیْنِ مُضَارِعَیْنِ یَتَرَتَّبُ حُصُوْلُ اَوَّلِهِمَا عَلٰی حُصُوْلِ الثَّانِی، وَھُنَا نَاتِی عَلٰی بَقِیَّةِ الْاَدَوَاتِ

الَّتِی تَعْمَلُ ھٰذَا لعَمَلَ فَنَقُوْلُ۔ کُلُّ مِثَالٍ مِنَ الْاَمْثِلَةِ الْاَرْبَعَةِ الْاُوْلٰی السَّابِقَةِ، یَشْتَمِلُ عَلٰی فِعْلَیْنِ مُضَارِعَیْنِ۔ اِذَا نَظَرْنَا اِلَیْهِمَا مِنْ جِهَةِ اللَّفْظِ وَجَدْنَا هُمَا مَجْزُوْمَیْنِ، وَاِذَا نَظَرْنَا اِلَیْهِمَا مِنْ جِهَةِ الْمَعْنٰی وَجَدْنَا اَنَّ حُصُوْلَ اَوَّلِهِمَا شَرْطٌ فِی حُصُوْلِ الثَّانِی اَوْ اَنَّ حُصُوْلَ الثَّانِی جَزَاءٌ لِوُقُوْعِ الْاَوَّلِ۔ فَالْمِثَالُ الْاَوَّلُ یُفِیْدُ اَنَّ الْاِفْرَاطَ فِی الْاَکْلِ شَرْطٌ فِی حُصُوْلِ التُّخَمَةِ اَوْ اَنَّ التُّخَمَةَ جَزَاءُ الْاِفْرَاطِ فِی الْاَکْلِ وَمِنْ اَجَلِ ذٰلِكَ یُسَمَّی الْفِعْلُ الْاَوَّلُ فِعْلَ الشَّرْطِ وَیُسَمَّی الثَّانِی، جَوَابَهٗ وَجَزَاءَهٗ، وَهُنَا نَتَسَاءَلُ مَاالَّذِی اَوْجَبَ جَزْمَ الْفِعْلَیْنِ فِی کُلِّ مِثَالٍ؟ وَمَا الَّذِیْ اَفَادَ ثَانِیَهُمَا عَلٰی اَوَّلِهِمَا اِنَّا اخْتَبَرْنَا الْاَمْثِلَةَ وَاحِدًا وَاحِدًا لَمْ نَجِدْ سَبَبًا سِوٰی دُخُوْلِ "مَنْ" فَهِیَ الَّتِی جَزَمَتْ۔ وَهِیَ الَّتِی اَفَادَتِ الشَّرْطَ وَلِذٰلِكَ سُمِّیَتْ اَدَاةُ شَرْطٍ جَازِمَةٌ وَاِذَا فَحَصْنَا عَمَّا تَدُلُّ عَلَیْهِ کَلِمَةُ "مَنْ" فی کُلِّ مِثَالٍ مِنَ الْاَمْثِلَةِ الَّتِی عِنْدَنَا وَکَذٰلِكَ فِی کُلِّ مِثَالٍ تَاْتِی فِیْهِ وَجَدْنَا هَا لَاتَدُلُّ اِلَّا عَلَی الْعَاقِلِ۔

حصہ اول میں ہمارے سامنے یہ بات گزر چکی ہے کہ اَنْ مضارع کے دو فعلوں کو جزم دیتا ہے۔ ان میں سے پہلے کے حصول کا مرتب ہونا موقوف ہے دوسرے کے حصول پر۔ ہم یہاں پر باقی ان حروف کو بیان کرتے ہیں۔ جو یہی عمل کرتے ہیں پس ہم کہتے ہیں۔ گزشتہ پہلی چار مثالوں میں سے ہر مثال مضارع کے دولفظوں پر مشتمل ہے جب ہم ان دوفعلوں کی طرف غور کرتے ہیں تو ان دونوں کو مجزوم پاتے ہیں اور جب ہم معنی کے اعتبار سے ان کی طرف غور کرتے ہیں تو ہم یہ بات پاتے ہیں کہ ان دونوں میں اول کا حاصل ہونا شرط ہے دوسرے کے حصول میں یا دوسرے کا حصول جزا ہے پہلے کے شرط واقع ہونے کے لئے۔ پس پہلی مثال فائدہ دیتی ہے کھانے میں افراط

(زیادتی) کا اسی وجہ سے پہلے فعل کا نام رکھا جاتا ہے شرط اور دوسرے کا نام رکھا جاتا ہے اس کا جواب اور اس کی جزاء ہم یہاں پر ایک سوال کرتے ہیں کہ کون سی چیز ہے کہ جو ہر مثال میں دونوں فعلوں کو جزم واجب کرتی ہے اور کون سی چیز ہے کہ جو دوسری کو فائدہ دیتی ہے پہلی پر پس ہم نے مثالوں میں سے ایک ایک کو جانچا تو ہم نے کوئی سبب نہیں پایا سوائے مَنْ کے داخل ہونے کے پس وہ من ہی ہے جس نے جزم دی اور اسی نے شرط کا فائدہ دیا اور اسی وجہ سے نام رکھا جاتا حرف شرط جازم اور اسی طرح ہر مثال میں آتا ہے اسی کے اندر ہم نے اس کو پایا وہ (مَنْ) نہیں دلالت کرتا مگر عاقل پر۔

وَإِذَا نَظَرْنَا إِلَى الْأَمْثِلَةِ الْأَرْبَعَةِ الْأَخِيْرَةِ وَجَدْنَا كُلَّ مِثَالٍ فِيْهَا مُشْتَمِلاً أَيْضًا عَلٰى فِعْلَيْنِ مُضَارِعَيْنِ مَجْزُوْمَيْنِ۔ حُصُوْلُ أَوَّلِهِمَا شَرْطٌ فِي حُصُوْلِ ثَانِيْهِمَا عَلٰى نَحْوِ مَا تَقَدَّمَ وَإِذَا تَسَاءَ لْنَا هُنَا أَيْضًا مَاالَّذِيْ أَوْجَبَ جَزْمَ الْفِعْلَيْنِ فِي كُلِّ مِثَالٍ؟ وَمَا الَّذِيْ أَفَادَ الشَّرْطَ؟ لَمْ نَجِدْ سَبَبًا سِوَى دُخُوْلِ "ما" فَهِيَ إِذًا كَمَنْ تَجْزِمُ مُضَارِعَيْنِ وتُفِيْدُ الشَّرْطَ، غَيْرَ أَنَّهَا تَدُلُّ دَائِمًا عَلٰى غَيْرِ الْعَاقِلِ هٰذَا ، وهُنَاكَ أَدَوَاتٌ أُخْرٰى تَعْمَلُ هٰذَا الْعَمَلَ وتُفِيْدُ الشَّرْطَ وَإِلَيْكَ بَيَانُهَا و إِجْمَالُ مَعَانِيْهَا۔

اور جب ہم آخری چار مثالوں میں غور کرتے ہیں تو ان میں ہر مثال کو ہم فعل مضارع دو مجزوم فعلوں پر مشتمل پاتے ہیں۔ ان دونوں میں سے اول کا حصول شرط ہے دوسرے کے حصول میں۔ اسی پہلے طریقے پر جو گزر چکا جب ہم سوال کرتے ہیں یہاں بھی کہ کون سی چیز ہے جس نے مثال میں دو فعلوں پر جزم واجب کر دیا؟ اور کون سی چیز ہے کہ جس نے شرط کا فائدہ دیا۔ پس ہم نے کوئی سبب نہیں پایا سوائے ما کے داخل ہونے کے۔ پس یہ ما بھی اس وقت *من کی طرح مضارع کے دو فعلوں کو جزم دیتا ہے اور شرط کا فائدہ دیتا ہے کہ*

سوائے اس کے کہ وہ (مَا) ہمیشہ غیر عاقل پر دلالت کرتا ہے۔ ان کے علاوہ دوسرے حروف بھی ہیں جو کہ یہ عمل کرتے ہیں اور شرط کا فائدہ دیتے ہیں۔ یہ تیرے پاس ان کا بیان اور ان کے معانی کا اجمال ہے کہ خوب سمجھ لے۔

اِذْمَا وَهِيَ كَانَ تِفِيْدُ الشَّرْطَ	وِمِثَالُهَا اِذْمَا تَفْعَلْ شَرًّا تَنْدَمْ
اذ ما یہ شرط کا معنیٰ دیتا ہے۔	تو جب بھی برائی کرے گا پشیمان ہوگا
مَهْمَا لِغَيْرِ الْعَاقِلِ كَمَا	مَهْمَا تُنْفِقْ فِي الْخَيْرِ يُخْلِفْهُ اللّٰهُ
ما کی طرح غیر عاقل کے لئے ہے	جو کچھ تو نیکی میں خرچ کرے گا اللہ اس کا بدلہ دے گا
مَتٰى لِلزَّمَانِ	مَتٰى يُسَافِرْ اَخِي اُسَافِرْ مَعَهُ
متٰی زمانے یا وقت کے لئے آتا ہے	جب میرا بھائی سفر کرے گا میں اس کے ساتھ سفر کروں گا۔
اَيَّانَ لِلزَّمَانِ	اَيَّانَ تُنَادِيْ اُجِبْكَ
ایّانَ یہ بھی زمانے یا وقت کیلئے آتا ہے	تو جب بھی پکارے گا میں جواب دوں گا
اَيْنَ لِلْمَكَانِ	اَيْنَ تَذْهَبْ اَصْحَبْكَ
اَیْنَ جگہ کے لئے آتا ہے	جہاں تو جائے گا میں بھی جاؤں گا
اَنّٰى لِلْمَكَانِ	اَنّٰى يَنْزِلْ ذُوالْعِلْمِ يُكْرَمْ
انّٰی جگہ کے لئے آتا ہے۔	علم والا جہاں بھی اترے گا عزت کیا جائے گا۔
حَيْثُمَا لِلْمَكَانِ	حَيْثُمَا يَنْزِلْ مَطَرٌ يَنْمُ الزَّرْعُ
حیثما یہ بھی جگہ کے لئے آتا ہے۔	جہاں بارش ہوگی کھیتی اُگے گی۔
كَيْفَمَا لِلْحَالِ	كَيْفَمَا تُعَامِلْ صَدِيْقَكَ يُعَامِلْكَ

كَيْفَمَا یہ حال بتانے کے لئے آتا ہے۔	تو جیسا سلوک اپنے دوست سے کرے گا وہ تجھ سے کریگا
اَیُّ تَصْلَحُ لِجَمِيْعِ الْمَعَانِي الْمُتَقَدِّمَةُ	اَیَّ بُسْتَانٍ تَدْخُلْ تَبْتَهِجْ
ای یہ اوپر بتائے گئے سب معانی کی صلاحیت رکھتا ہے۔	تو جس باغ میں داخل ہوگا خوش ہوگا۔

اَلْقَاعِدَةُ (قاعدہ)

(۵۰) اَلْاَدَوَاتُ الَّتِيْ تَجْزِمُ فِعْلَيْنِ، اِثْنَتَاعَشَرَةَ اَدَاةً اِنْ وَاِذْمَا، وَهُمَا حَرْفَانِ، وَمَنْ وَمَا وَمَهْمَا وَمَتٰى وَاَيَّانَ وَاَيْنَ وَاَنّٰى وَحَيْثُمَا وَكَيْفَمَا وَاَيٌّ وَجَمِيْعُهَا اَسْمَاءٌ۔

وہ حروف جو دو فعلوں کو جزم دیتے ہیں۔ وہ کل بارہ ہیں، ان اور اذما دونوں حرف ہیں اور من، ما، مَهْمَا، متٰى، اَيَانَ، اَيْنَ، انّٰى، حَيْثُمَا، كَيْفَمَا، اَیٌّ سارے کے سارے اسماء ہیں۔

تمرينات (مشقیں)

التمرين ١ (مشق نمبر ١)

عَيِّنْ فِي الْعِبَارَاتِ الْآتِيَةِ الْاَفْعَالَ الْمُضَارِعَةَ الْمَجْزُوْمَةَ، وَبَيِّنْ مَاكَانَ مِنْهَا مَجْزُوْماً بِالسُّكُوْنِ، وَمَا كان مَجزُوْمًا بِحَذْفِ حَرْفِ الْعِلَّةِ، وعَيِّنْ فِعْلَ الشَّرْطِ وَجَوَابَهُ فِي الْجُمَلِ الشَّرْطِيَةِ

آنے والی عبارات میں افعال مضارعہ مجزومہ کی تعیین کریں اور یہ بیان کریں کون سا مجزوم بالسکون ہے اور کون سا حرف علت کے حذف کی وجہ سے مجزوم ہے اور شرط کے فعل کریں اور جملہ شرطیہ میں اس کا جواب بھی متعین کریں۔

(۱) لَمْ اَرَ صَدِيْقِيْ وَلَمْ اَسْمَعْ اَخْبَارَهُ مُنْذُ شَهْرَيْنِ

(۲) حَيْثُمَا تَمْشِ عَلٰى ضِفَافِ النِّيْلِ تَنْشَقْ هَوَاءً نَقِيًّا

(۳) لَاتُعَادِ النَاسُ وَلَا تَشْغَلْ نَفْسَكَ بِعُيُوْبِ غَيْرِكَ

(۴) مَنْ يَحْذَرْ عَدُوَّهُ يَنْجُ مِنْ اَذَاهُ

(۵) مَتٰى يَاْتِ فَصْلُ الصَّيْفِ يَرْحَلْ اَهْلُ الْيَسَارِ اِلٰى شَوَاطِئِ الْبِحَارِ

(۶) مَا تَخْفِ مِنْ اَعْمَالِكَ يَعْلَمْهُ اللّٰهُ

حل:

افعال مضارع مجزوم بالسکون

اِسْمَعْ تَنْشَقْ، تَشْغَلْ، يَحْذَرْ، يَرْحَلْ، يَعْلَمْ

افعال مضارع مجزوم محذف حرف علت

اَرَ، تَمْشِ، تُعَادِ، يَنْجُ، يَاْتِ، تُخْفِ

حروف شرط	شرط جملہ شرطیہ	جزاء
حَيْثُمَا	تَمْشِ عَلٰى ضفافِ النِّيلِ	تَنْشَقْ هَوَاءً نقيًا
مَنْ	يَحْذَرْ عَدُوَّهُ	يَنْجُ مَنْ اَذَاهُ
متٰى	يَاْتِ فَصْلُ الصَّيْفِ	يَرْحَلْ اَهلِ الْيَسَارِ اِلٰى شَوَاطِئِ الْبِحَارِ
ما	تخْفِ مِنْ اَعْمَالِكَ	يَعْلَمْهُ اللّٰهُ

التمرين ۲ (مشق نمبر۲)

اَكْمِلِ الْجُمَلَ الشَرْطِيَةَ الآتِيَةَ بِذِكْرِ جَوَابِ الشَرْطِ الْمَحذُوْفِ، وَاضْبِطْ، اَوَاخِرَ الْاَفْعَالِ الْمُضَارِعَةِ فِي كُلِّ جُمْلَةٍ۔

آنے والے جملہ شرطیہ کو شرط محذوف کے جواب کو ذکر کر کے اور افعال مضارعہ کے آخر کو ضبط کریں ہر جملے میں۔

(۱) إن تنم فی مجری الهواء............

(۲) مَنْ یسهر کثیرا ....
(۳) انّی ترسل رسالة بالبرید..........
(۴) اذما تطع والدك..........
(۵) ایُّ صَدِیق تخلص له..........
(٦) مَنْ یَصْنَعْ مَعْرُوْفًا ....
(۷) ماتغرس مِن الاشجار ....
(۸) متی ینتهِ شهر الصیام..........
(۹) حیثما ترافق الاشرار..........
(۱۰) مَهْمَا تخف من طباعك

حل مکمل جملے

(۱) اِنْ تَنَمْ فِی مَجْرِی الْهَوَاءِ تَسْقَمْ
(۲) مَنْ یَسْهَرْ کَثِیْرًا یَضْعَفْ جِسْمُهُ
(۳) انّٰی تُرْسِلْ رَسَالَةً بِالْبَرِیْدِ اِطَّلِعْنِیْ
(۴) اِذَا مَا تُطِعْ وَالِدَكَ یَرْضَ عَنْكَ رَبُّكَ
(۵) اَیُّ صَدِیْقٍ تَخْلِصْ لَهُ یَخْلِصْ لَكَ
(٦) مَنْ یَصْنَعْ مَعْرُوْفًا یَحْسِنْ اِلَی النَّاسِ اِلَیْهِ
(۷) مَاتَغْرِسْ مِنَ الْاَشْجَارِ یَنْفَعْ لَكَ
(۸) متٰی یَنْتَهِ شَهْرُ الصِیَّام نَذْهَبْ اِلٰی لَاهُوْرَ
(۹) حَیْثُمَا تُرَافِقِ الْاَشْرَارَ یُوْصِلْ شَرُّهُمْ اِلَیْكَ
(۱۰) مَهْمَا تُخْفِ مِنْ طَبَاعِكَ فَسَیَعْلَمُهُ النَّاسُ

التمرین ۳ (مشق نمبر۳)

اَتْمِمِ الْجُمَلَ الْآتِیَةَ بَوَضْعِ جُمْلَةِ الشَرْطِ الْمَحْذُوفَةِ فِی الْمَکَانِ الْخَالِي، وَاَضْبِطْ اَوَاخِرَ الْاَفْعَالِ الْمُضَارِعَةِ فِی کُلِّ جُمْلَةٍ۔

آنے والی جملوں کو خالی جگہ میں شرط محذوفہ کا جملہ رکھ کر مکمل کریں اور ہر جملہ میں افعالِ مضارعہ کے آخر کو اعراب دیں۔

(۱) من .... یعش عَزِیزًا
(۲) حیثما .... تندم علی فلعه
(۳) من .... تنتقل الیه طباعهم
(۴) ما .... یفسد معدتك
(۵) اِلٰی .... نَجد زرعا ناضرا
(۶) اِن .... یرجع الیك نشاطك
(۷) متی .... یحضر الی مصر السائحون
(۸) من .... یسم من اذاهم
(۹) ما .... تنتفع به فی زمن الشدة
(۱۰) من .... یود اسنانه

حل مکمل جملے

(۱) مَنْ یُحسِنْ اِلَی النَّاسِ یَعِشْ عَزِیْزًا
(۲) حَیْثُمَا یَعْمَلْ صَدِیْقُكَ مُنْكَرًا تَنْدَمْ عَلٰی فِعْلِهٖ
(۳) مَنْ یُصَاحِبِ الْاَشْرَارَ تَنْتَقِلْ اِلَیْهِ طِبَاعُهُمْ
(۴) مَاتَاكُلْ بِغَیْرِ جُوْعٍ یَفْسُدْ مِعْدَتُكَ
(۵) اَنیّٰ تَذْهَبْ فِی الرَّبِیْعِ تَجِدْ زَرْعًا نَاضِرًا
(۶) اِنْ تَنَمْ فِی اللَّیْلِ یَرْجِعْ اِلَیْكَ نِشَاطُكَ
(۷) مَتٰی یَاتِ الرَّبِیْعُ یَحْضُرْاِلٰی مِصْرًا السَّائِحُوْنَ
(۸) مَنْ یُحْسِنْ النَّاسَ یَسْلِمْ مِن اَذَا هُمْ
(۹) تَدَّخِرْمَالًا فِی زَمَنِ الرَّخَاءِ تَنْتَفِعْ بِهٖ فِی زَمَنِ الشِّدَةِ
(۱۰) مَنْ لَمْ یُنَظِّفْ فَمَهٗ یُوْذَ اَسْنَانَهٗ

التمرین ۴ (مشق نمبر۴)

(۱) كَوِّنْ ثَلَاثَ جُمَلٍ شَرْطِيَةٍ يَكُوْنُ فِعْلاَ الشَّرْطِ وَالْجَوَابِ فِي كُلٍ مِنْهَا مُضَارِعَيْنِ صَحِيْحَيِ الْآخِرِ

تین جملے شرطیہ ایسے بنائیے کہ ان میں سے ہرایک جملے میں شرط اور جواب کے دو فعل ہو اور دونوں مضارع صحیح الآخر ہوں۔

حل:

(۱) إِذْ مَاتُسَافِرْ اُسَافِرْ (۲) أَيْنَ تَقْصِدْ أَقْصِدْ

(۳) مَنْ تَضْرِبْ أَضْرِبْ

(۲) كَوِّنْ ثَلَاثَ جُمَلٍ شَرْطِيَةٍ يَكُوْنُ فِعْلاَ الشَّرْطِ وَالْجَوَابِ فِي كُلٍ مِنْهَا مُضَارِعَيْنِ مُعْتَلَيِ الْآخِرِ

تین شرطیہ جملے ایسے بنائیے کہ ان میں سے ہرایک جملے میں شرط اور جزأ کے دو فعل ہوں اور دونوں مضارع معتل الآخر ہوں۔

حل:

(۱) أَيْنَ تَمْشِ أَمْشِ

(۲) مَنْ يَرْمِ غَيْرَهُ يَجْنِ عَلٰى نَفْسِهٖ

(۳) كَوِّنْ ثَلَاثَ جُمَلٍ شَرْطِيَةً يَكُوْنُ فِعْلاَ الشَّرْطِ فِي كُلٍ مِنْهَا مُضَارِعًا الْآخِرِ وَالْجَوَابُ مُضَارِعًا

تین شرطیہ جملے ایسے بنائیے کہ ان میں سے ہرایک جملے میں شرط والا فعل صحیح الآخر ہو اور جزا والا فعل معتل الآخر ہو۔

حل:

(۱) مَتٰى يَمْطُرْ يَنْمُ النَّبْتُ

(۲) مَهْمَا يَخْرُجْ إِلَى الْقَرْيَةِ لَآيَاتِ بِخَيْرٍ

(۳) اَیْنَ مَایَنْزِلْ اَخُوْکَ یَلْقَ الْاِکْرَامَ

(۴) کَوِّنْ ثَلَاثَ جُمَلٍ شَرْطِیَّةٍ یَکُوْنُ فِعْلَا الشَّرْطِ فِیْ کُلٍّ مِنْهُمَا مُضَارِعًا مُعْتَلَ الْآخِرِ وَالْجَوَابُ مُضَارِعًا صَحِیْحَ الْآخِرِ

تین جملے شرطیہ ایسے بنایئے کہ ان میں سے ہر ایک میں شرط فعل مضارع معتل الآخر ہو اور جواب مضارع صحیح الآخر ہو۔

حل:

(۱) مَنْ یَتَّقِ اللّٰہَ یَجْعَلْ لَہٗ مَخْرَجًا

(۲) مَتٰی یَاتِ الرَّبِیْعُ یَحْضُرَ اِلٰی مِصْرَ السَّائِحُوْنَ

(۳) اَیْنَ تَدْعُ اَحْضُرْکَ

التمرین ۵ (مشق نمبر ۵)

(۱) اِسْتَعْمِلْ اَدَوَاتِ الشَّرْطِ الْآتِیَةِ فِیْ جُمَلٍ مُفِیْدَةٍ

آنے والے حروف شرط کو جملہ مفیدہ میں استعمال کیجئے۔

ما، حَیثما، ایان اذما، کیفما، الی، اَیْن، متٰی

حل: حروف شرط کا جملوں میں استعمال

مَاتَاْکُلْ اٰکُلْ	حَیْثُمَا تَقْصِدْ اَقْصِدْ
اِذْمَا تُسَافِرْ اُسَافِرْ	اَیَّ شَیْئٍ تَشْتَرِ اَشْتَرِ
اَیْنَ تَذْهَبْ اَذْهَبْ	مَتٰی تَصُمْ اَصُمْ
اَیَّانَ تُنَادِ اُجِبْکَ	کَیْفَمَا تُعَامِلْ صَدِیْقَکَ یُعَامِلْکَ

○○○

اَلْاَفْعَالُ الْخَمْسَةُ وَاِعْرَابُهَا

افعال خمسہ اور ان کا اعراب

اَلْاَمْثِلَةُ: مثالیں

(۱)	اَلْعَامِلَان یَشْتَغِلَانِ	دو مزدور کام کر رہے ہو۔
(۲)	اَنْتُمَا تَشْتَغِلَان	تم دونوں مرد کام کر رہے ہو۔
(۳)	اَلْعُمَّالُ یَشْتَغِلُوْنَ	کارکن کام کر رہے ہیں۔
(۴)	اَنْتُمْ تَشْتَغِلُوْنَ	تم کام کر رہے ہو۔
(۵)	اَنْتِ تَشْتَغِلِیْنَ	تو (عورت) کام کر رہی ہے۔
(۱)	اَلْعَامِلَان لَنْ یَشْتَغِلَا	دو مزدور ہرگز کام نہیں کریں گے۔
(۲)	اَنْتُمَا لَنْ تَشْتَغِلَا	تم دونوں مرد ہرگز کام نہیں کرو گے۔
(۳)	اَلْعُمَّالُ لَنْ یَشْتَغِلُوْا	کارکن ہرگز کام نہیں کریں گے۔
(۴)	اَنْتُمْ لَنْ تَشْتَغِلُوْا	تم ہرگز کام نہیں کرو گے۔
(۵)	اَنْتِ لَنْ تَشْتَغِلِیْ	تو (عورت) ہرگز کام نہیں کرے گی۔
(۱)	اَلْعَامِلَان لَمْ یَشْتَغِلَا	دو مزدوروں نے کام نہیں کیا۔
(۲)	اَنْتُمَا لَمْ تَشْتَغِلَا	تم دو مردوں نے کام نہیں کیا۔
(۳)	اَلْعُمَّالُ لَمْ یَشْتَغِلُوْا	کارکنوں نے کام نہیں کیا۔
(۴)	اَنْتُمْ لَنْ تَشْتَغِلُوْا	تم مردوں نے کام نہیں کیا۔
(۵)	اَنْتِ لَمْ تَشْتَغِلِیْ	تو (عورت) نے کام نہیں کیا۔

اَلْبَحْثُ (تحقیق)

اُنْظُرْ اِلَی الْاَمْثِلَةِ فِی الْاَقْسَامِ الثَّلَاثَةِ الْمُتَقَدِّمَةِ، تَجِدُ الْفِعْلَ

الْمُضَارِعَ يَقَعُ فِي كُلِّ قِسْمٍ مِنْهَا عَلٰى خَمْسِ حَالاَتٍ۔
دی گئی پہلی تین قسموں کی مثالوں میں غور کیجئے تو آپ پائیں گے فعل مضارع ان میں سے ہر قسم میں جو واقع ہے پانچ قسم پر ہے۔
فَهُوَ فِي الْحَالَةِ الْاُوْلٰى مُتَصِلٌ بِاَلِفٍ تَدُلُّ عَلٰى اِثْنَيْنِ غَائِبَيْنِ
پس وہ پہلی حالت میں ایسے الف کے ساتھ متصل ہے کہ جو دو غائب افراد پر دلالت کرتا ہے۔
وَفِي الْحَالَةِ الثَّانِيَةِ مُتَّصِلٌ بِاَلِفٍ تَدُلُّ عَلٰى اِثْنَيْنِ مُخَاطَبَيْنِ۔
اور دوسری حالت میں وہ ایسے الف کے ساتھ متصل ہے کہ جو دو مخاطبین پر دلالت کرتا ہے۔
وَفِي الْحَالَةِ الثَّالِثَةِ مُتَّصِلٌ بِوَاوٍ تَدُلُّ عَلٰى جَمَاعَةِ الْغَائِبِيْنَ
اور تیسری حالت میں وہ ایسی واؤ کے ساتھ متصل ہے جو جمع مذکر غائب کے افراد پر دلالت کرتی ہے۔
وَفِي الْحَالَةِ الرَّابِعَةِ مُتَصِلٌ بِوَاوٍ تَدُلُّ عَلٰى جَمَاعَةِ الْمُخَاطِبِيْنَ۔
اور چوتھی حالت میں ایسی واؤ کے ساتھ متصل کہ جو جمع مخاطب پر دلالت کرتی ہے۔
وَفِي الْحَالَةِ الْخَامِسَةِ مُتَّصِلٌ بِيَاءٍ تَدُلُّ عَلٰى الْمُخَاطَبَةِ۔
اور پانچویں حالت میں وہ ایسی یاء کے ساتھ متصل ہے کہ جو واحد مخاطبہ پر دلالت کرتی ہے۔

وَمِنْ اَجَلِ ذَالِكَ تُسَمَّى الْاَفْعَالُ الْمُضَارِعَةُ فِي الْحَالَاتِ السَّابِقَةِ بِالْاَفْعَالِ الْخَمْسَةِ تَاَمَّلْ هٰذِهِ لْاَفْعَالَ الْخَمْسَةَ فِي الْاَقْسَامِ الثَّلَاثَةَ، تَجِدُهَا فِي الْقِسْمِ الْاَوَّلِ مَرْفُوْعَةً لِاَنَّهَا لَمْ تَسْبِقْ بِنَاصِبٍ اَوْجَازِمٍ، وَفِي الْقِسْمِ الثَّانِي مَنْصُوْبَةً لِاَنَّهَا مَسْبُوْقَةٌ بِاَدَاةِ نَصَبٍ وَفِي الْقِسْمِ الثَّالِثِ مَجْزُوْمَةً۔ لِاَنَّهَا مَسْبُوْقَةٌ بِاَدَاةِ جَزْمٍ۔ وَلٰكِنْ مَاعَلَامَاتُ

الرَّفْعِ وَالنَّصَبِ وَالْجَزَمِ هُنَا؟ اِنَّنَا اِذَا تَامَّلْنَا الْاَفْعَالَ الَّتِى مَعَنَا لَمْ نجدْ اثَرًا لِلْضَمَةِ اوَ الْفَتْحَةِ اوِالسَّكُوْنِ، ولٰكِنَّا فِى حَالَةِ الرَّفْعِ نَجدُ فِى آخِرِهَا نُوْنًا ثَابِتَةً دَائِمًا كَمَا فِى اَمْثِلَةِ الْقِسْمِ الْاَوَّلِ۔ وتَجدُ هٰذِهِ النُّوْنَ مَحْذُوْفَةً فِى حَالَةِ النَصَبِ والْجَزَمِ كَما فِى اَمْثِلَةِ الْقِسْمَيْنِ الآخِيْرَيْنِ، فَلَابُدَّ اِذًا اَنْ يَكُوْنَ ثبُوْت النُوْن نَائِبًا عَنِ الضَّمَةِ فِى حَالَةِ الرَّفْعِ وَحَذْفُهَا نَائِبًا عَنِ الْفَتْحَةِ وَالسَّكُوْنُ فِى حَالَةِ النَصَبِ وَالْجَزَمِ

اسی وجہ سے ان مختلف حالات میں فعل مضارع کا نام رکھا جاتا ہے افعال خمسہ۔ ان افعال خمسہ کی تین قسموں پر غور وفکر کرے تو تو پائے گا اس کو پہلی قسم میں مرفوع۔ اس لئے کہ اس سے پہلے کوئی حرف ناصب یا جازم نہیں ہے اور دوسری قسم میں وہ منصوب ہے اس لئے وہ حرف ناصب کے بعد واقع ہے اور تیسری قسم میں وہ مجزوم ہے۔ اس لئے کہ وہ حرف جازم کے بعد واقع ہے لیکن یہاں پر رفع، نصب اور جزم کی کیا علامت ہے۔ بے شک جب ہم نے ان افعال میں غور کیا جو کہ ہمارے پاس مثالوں کی صورت میں ہیں۔ ہم نے ضمہ، فتحہ یا سکون کا کوئی اثر نہیں پایا۔ لیکن رفع کی حالت ہم اس کے آخر میں ہمیشہ نون کو ثابت پاتے ہیں اور اسی نون کو ہم نصب اور جزم کی حالت میں محذوف پاتے ہیں جیسا کہ آخری دو قسموں میں ہے۔ اس لئے ضروری ہے کہ اس وقت نون کا ثابت رہنا حالت رفع میں ضمہ کا نائب ہو اور اس کا حذف ہونا فتحہ اور سکون کا نائب ہو حالت نصب اور جزم میں۔

اَلْقَوَاعِدُ (قاعدے)

(۵۱) اَلْاَفْعَالُ الْخَمْسَةُ هِىَ كُلُّ مُضَارِعٍ اتَّصَلَتْ بِهٖ اَلِفُ اِثْنَيْنِ اَوْ وَاوُ جَمَاعَةٍ اَوْيَاءُ مُخَاطَبَةٍ

افعال خمسہ ہر وہ مضارع ہے کہ جس کے ساتھ متصل ہو الف تثنیہ یا اور جمع یا

یائے مخاطبہ۔

(۵۲) اَلْاَفْعَالُ الْخَمْسَةُ تُرْفَعُ بِثُبُوْتِ النُّوْنِ وَ تُنْصَبُ وَتُجْزَمُ بِحَذْفِهَا

افعالِ خمسہ کو رفع ثبوت نون کے ساتھ اور نصب اور جزم دیا جاتا ہے حذفِ نون کے ساتھ۔

تمرینات (مشقیں)

التمرین ۱ (مشق نمبر ۱)

(۱) اَنْتُمْ تَقُوْلُوْنَ مَالَا تَفْعَلُوْنَ تم وہ کہتے ہو جو تم نہیں کرتے۔

(۲) اِخْتَلَفَ الشَّرِيْكَانِ وَلَمْ يَتَّفِقَا دو حصہ داروں نے اختلاف کیا اور متفق نہ ہوئے

(۳) لَمْ نَرَ اللُّصُوْصَ وَهُمْ يَسْرِقُوْنَ

ہم نے چوروں کو نہیں دیکھا کہ اس حال میں کہ چوری کرتے ہوں۔

(۴) اَىُّ عَمَلٍ تُعَالِجِيهِ تُحْسِنِيْهِ

کون سا طریقہ ہے کہ تو اس کا علاج کرے گی اور اس کو اچھا کرے گی۔

(۵) لَمْ يَشْتَغِلِ الْعَامِلَانِ حتّٰى يَسْتَرِيْحا

دو مزدوروں نے کام نہ کیا حتیٰ کہ آرام کیا۔

(۶) اَنْتِ تَلْبِسِيْنَ مَاتَخِيْطِيْنَ تو پہنتی ہے جو تو سیتی ہے۔

(۷) اِنْ تَعْمَلُوْا تُوْجَرُوْا اگر عمل کروگے تو اجر پاؤگے۔

(۸) لَمْ يَسْقِ الْفَلَاحُوْنَ الْاَرْضَ وَلَمْ يَحْرِثُوْهَا

کسانوں نے نہ زمین کو سیراب کیا اور نہ ہل چلائے۔

التمرین ۲ (مشق نمبر ۲)

حَوِّلِ الْاَفْعَالَ الْمُضَارِعَةَ الَّتِى فِى الْجُمَلِ الآتِيَةِ مِنْ حَالَةِ الرَّفْعِ اِلٰى حَالَةِ النَّصَبِ ثُمَّ اِلٰى حَالَةِ الْجَزَمِ

افعال مضارعہ کو جو کہ آنے والے جملوں میں ہیں حالت رفع سے حالت نصب

کی طرف تبدیل کریں۔اور پھر حالت جزم کی طرف تبدیل کریں۔

(۱) الرَّجُلَانِ یَتَحَادثَانِ (۲) تَنْمُوْا الشَّجَرَتَانِ وَتُوْرِقَانِ

(۳) یَقْرَأُ الْغِلْمَانُ وَ یَکْتُبُوْنَ

(۴) یَجْنَی الْفَلَّاحُوْنَ الْقُطْنَ وَ یَبِیْعُوْنَهٗ

(۵) اَنْتِ یَا زَیْنَبُ تَلْعَبِیْنَ (۶) اَنْتِ یَا فَاطِمَةُ تَکْتُبِیْنَ

حل: دیئے گئے جملوں کو حالت رفعی سے حالت نصبی اور جزمی تبدیل کرنا

	حالت نصبی	حالت جزمی
(۱)	الرَّجُلَانِ یَتَحَادثَانِ	اَلرَّجُلَانِ لَمْ یَتَحَادثَا
(۲)	لَنْ تَنْمُوْا الشَجَرتَانِ وَلَنْ تُوْرِقَا	لَمْ تَنمُوْا الشَجَرتَانِ ولَمْ تُوْرِقَا
(۳)	لَنْ یَقْرَاءَ الْغِلْمَانُ وَلَنْ یَکْتُبُوْا	لَمْ یَقرَاءُ الْغِلْمَانُ وَلَمْ یَکْتُبُوْا
(۴)	لَنْ یَجْنَیَ الْفَلَّاحُوْنَ وَلَنْ یَبِیْعُوْهُ	لَمْ یَجْنَ الْفَلَّاحُوْنَ وَلَمْ یَبِیْعُوْهُ
(۵)	اَنْتِ یَازَیْنَبُ لَنْ تَلْعَبِیْ	اَنْتَا یَازَیْنَبُ لَمْ تَلْعَبِی
(۶)	اَنْتِ یَافَاطِمَةُ لَن تَکْتُبِی	اَنْتِ یَافَاطِمَةُ لَمْ تَکْتُبِی

التمرین ۳ (مشق نمبر۳)

(۱) کَوِّنْ ثَلَاثَ جُمَلٍ اِسْمِیَّةٍ فِی کُلٍّ مِنْهَا فِعْلٌ مُضَارِعٌ مَرْفُوْعٌ مُتَصِلٌ بِاَلِفِ الْاِثْنَیْنِ

تین جملے اسمیہ ایسے بنائیے کہ ان میں سے ہر ایک میں ایسا فعل مضارع مرفوع کہ جو متصل ہو تثنیہ مذکر کے الف کے ساتھ

حل جملے:

(۱) اَلْغُلَامَانِ یَذْهَبَانِ اِلَی السُّوْقِ (۲) اَلْعَامِلَانِ یَعْمَلَانِ فِی الْمَصْنَعِ

(۲) کَوِّنْ ثَلَاثَ جُمَلٍ اِسْمِیَةٍ فِی کُلٍّ مِّنْهَا فِعْلٌ مُضَارِعٌ مَرْفُوْعٌ مُتَصِلٌ بِاَلِفِ الْاُنْثَیَیْنِ

تین جملے اسمیہ ایسے بنایئے کہ ان میں سے ہر ایک میں ایسا فعل مضارع مرفوع کہ جو تثنیہ مؤنث کے الف کے ساتھ متصل ہو۔

حل جملے:

(۱) اَلشَّاتَانِ تَجْلِسَانِ تَحْتَ الشَّجَرَةِ

(۲) اَلْغَنَمَانِ تَرْتَعَانِ فِی الْحِمٰی

(۳) اَلتِّلْمِیْذَتَانِ تُحِبَّانِ مُعَلِّمَتَاهُمَا

(۳) کَوِّنْ ثَلَاثَ جُمَلٍ اِسْمِیَةٍ فِی کُلٍّ مِّنْهَا فِعْلٌ مُضَارِعٌ مَنْصُوبٌ مُتَّصِلٌ بِوَاوِ الْجَمَاعَةِ

تین جملے اسمیہ ایسے بنایئے کہ ان میں سے ہر ایک میں ایسا فعل مضارع منصوب ہو کہ جو واؤ جمع مذکر کے ساتھ متصل ہو۔

حل جملے:

(۱) اَلْاَطْفَالُ لَنْ یَذْهَبُوْا اِلَی الْبُسْتَانِ

(۲) اَلْعَالِمُوْنَ لَنْ یَکْتُمُوْا الْعِلْمَ

(۳) اَلْاَوْلَادُ لَنْ یَلْعَبُوْا فِی مَیْدَانِ الْبَیْتِ

(۴) کَوِّنْ ثَلَاثَ جُمَلٍ اِسْمِیَّةٍ فِی کُلٍّ مِّنْهَا فِعْلٌ مُضَارِعٌ مَجْزُوْمٌ مُتَّصِلٌ بِیَاءِ الْمُخَاطَبَةِ

تین جملے اسمیہ ایسے بنایئے کہ ان میں سے ہر ایک میں ایسا فعل مضارع مجزوم ہو کہ جو یاء مخاطبہ کے ساتھ متصل ہو۔

حل جملے:

(۱) یَافَاطِمَةُ لِمَ لَمْ تَخْدِمِیْ اُمَّكِ فِی الْبَیْتِ

(۲) یَازَیْنَبُ لَا تَذْهَبِیْ اِلَی السُّوْقِ فِی اللَّیْلِ

(۳) یَاعَالِیَةُ اَنْتِ دَرَسْتَ الدَّرْسَ وَلَمْ تَحْفَظِیْ

التمرين ۴ (مشق نمبر۴)

ضَعِ الْاَفْعَالَ الْآتِيَةَ فِي جُمَلٍ تَامَةٍ مَعْ اتِّصَالِهَا بِأَلْفِ الْاثْنَيْنِ مَرَّةً وَأَلِفِ الْاِثْنَتَيْنِ مَرَّةً أُخْرىٰ

آنے والے افعال کوایک مرتبہ الف تثنیہ مذکر کے ساتھ اور دوسری مرتبہ الف تثنیہ مؤنث کے ساتھ مکمل جملے میں رکھیں۔

حل:

الف تثنیہ مذکر کے اتصال کے ساتھ　　　الف تثنیہ مؤنث کے اتصال کے ساتھ

(۱) اَلصَّبِيَّانِ يَاكُلَانِ اللَّبَنَ فِي الْبَيْتِ
(۲) اَلْاِمْرَأَتَانِ تَاكُلَانِ الطَّعَامَ فِي الْمَدْرَسَةِ
(۳) اَلْغُلَامَانِ يَفْتَحَ[illegible] الْبَابَ
(۴) الطَّالِبَتَانِ تَسْـ[illegible] الـ[illegible]قْفَ
(۵) الرَّجُلَانِ يَسْـ[illegible] الشَّجَرَةَ
(۶) اَلْوَلَدَانِ يُطْفَـ[illegible]　(۷) اَلْبِنْتَانِ تُطْفِانِ النَّارَ
(۸) اَلْعَامِلَانِ يَسْـ[illegible] الْعَمَلَ　(۹) اَلْخِيَاطَانِ تَسْتَهِلَّانِ الْخِيَاطَةَ

التمرين ۵ (مشق نمبر۵)

ضَعِ الْاَفْعَالَ الْآتِيَةَ فِي جُمَلٍ تَامَةٍ مَعْ اِتِّصَالِهَا بِوَاوِ الْجَمَاعَةِ مَرَّةً وَبِيَاءِ الْمُخَاطَبَةِ أُخْرىٰ

آنے والے افعال کوایسے مکمل جملوں میں رکھیں کہ ایک مرتبہ ان کا اتصال واؤ جمع مذکر کے ساتھ ہواور دوسری مرتبہ ان کا اتصال یاءِ مخاطبہ کے ساتھ ہو۔

يقراء، مركب، يخاف، يَسْتَصْعَبُ، ينطف، يستعين

حل:

(۱) اَلْحُفَاظُ يَقْرَءُوْنَ الْقرآنَ فِي رَمْضَانَ
(۲) هَلْ تَقْرَئِيْنَ الْكِتَابَ يَا زَيْنَبُ
(۳) اَلنَاسُ يَرْكَبُوْا الْقِطَارَ
(۴) كَيْفَ تَرْكَبِيْنَ السَّيَارَةَ
(۵) اَلْمَجَاهِدُوْنَ لَايَخَافُوْنَ اِلاَّ اللّٰهَ
(٦) اَأَنْتِ تَخْفِيْنَ عَن هٰذِهِ الْهِرَّةِ؟
(۷) الطَالِبُوْن يَنَظِّفُوْنَ صِحْنَ الْمَدرسَةِ
(۸) هَلْ تُنَظِّفِيْنَ الْبَيْتَ يَا زَيْنَبُ ؟
(۹) اَلْمُنَافِقونَ يَسْتَصْعَبُوْن الْعِبَادَةَ
(۱۰) يَامَرْيَمُ لاتَسْتَصْعَبِى شُغْلَكِ
(۱۱) اَلْمُسْلِمُونَ يَسْتَعِيْنُوْنَ اللّٰهَ فِى الصَّلٰوةِ
(۱۲) هَلْ تَسْتَعِنِيْنَ الْخَادِمَةَ فِى اُمُوْرِكِ ؟

التمرين ٦ (مشق نمبر ٦)

ضَعْ جُمْلَةً فِعلِيَةً فِعْلُهَا مُضارِعٌ فِى كُلِّ مَكَانٍ خَالٍ، وبَيِّنْ عَلامَةَ اِعْرَابِ الْفِعْلِ۔

ہر خالی جگہ ایسا جملہ فعلیہ لکھیں جو فعل مضارع ہو اور فعل کے آعراب کی علامت کو بیان کریں۔

(۱) الولدان .... النهر (۲) الملوك .... العلماء
(۳) اَنْتَ يا زَيْنَبُ تَرْحَمِيْنَ عَلَى الْبَائِسِيْنَ
(۴) السَّفِينتَان تَرْكُدَان فِى الْبَحْرِ
(۵) لِمَ لَمْ تَغْسِلِيْ الثِيَابَ يا فَاطِمَةُ ؟
(٦) اَلتُجَّارُلَمْ يَنْتَفِعُوْا هَذَا الْعَامَ
(۷) مَاكَانَ الْاَصْدِقاءُ لِيَخُوْنُوْا صَدِيْقَهُمْ

(۸) جَاءَ الزَّائِرُوْنَ وَلَمْ يَرْجِعُوْا
(۹) اَلْاَطِبَاءُ لَمْ يَفْهَمُوْا عِلَّةَ الْمَرِيْضِ
(۱۰) اَلْفُقَرَاءُ يَسْتَقْبِحُوْنَ الْغِلَاءَ

التمرين ۷ (مشق نمبر ۷)

ضَعْ مَكَانَ كَلِمَةِ "الطَّبِيْبِ" فِي الْعِبَارَةِ الْآتِيَةِ، كَلِمَةَ "الطَّبِيْبَيْنِ" مَرَّةً، وَكَلِمَةَ "الْاَطِبَاء" اُخْرٰى مَعَ مُرَاعَاةِ مَا يَحْدُثُ مِنَ التَّغْيِيْرِ فِي الْاَفْعَالِ

آنے والی عبارت میں کلمہ "الطبیب" کی جگہ پر ایک مرتبہ الطبیبین اور دوسری مرتبہ الاطباء کو رکھیں رعایت رکھتے ہوئے افعال میں تبدیلی کی۔

يَجِبُ عَلَى الطَّبِيْبِ اَنْ يُلَاطِفَ الْمَرْضٰى، وَيُخَفِّفَ عَنْهُمُ الْآلَامَ بِبِشْرِهِ وَيَصِفُ لَهُمُ الدَّوَاءَ النَّافِعَ، وَلَا يَطْمَعُ فِي مَالِهِمْ، وَيُسَاعِدُ الْفُقَرَاء بِعِلْمِهِ وَمَالِهِ

حل: تثنیہ کے کلمات

يَجِبُ عَلَى الطَّبِيْبَيْنِ اَنْ يُلَاطِفَا الْمَرْضٰى، وَيُخَفِّفَا عَنْهُمُ الْآلَامَ بِبِشْرِهِمَا وَيَصِفَا لَهُمُ الدَّوَاءَ النَّافِعَ وَلَا يَطْمَعَا فِي مَالِهِمْ، وَيُسَاعِدَا الْفُقَرَاءَ بِعِلْمِهِمَا وَمَالِهِمَا۔

جمع کے کلمات کا استعمال:

يَجِبُ عَلَى الْاَطِبَاءِ اَنْ يُلَاطِفُوْا الْمَرْضٰى وَيُخَفِّفُوْا عَنْهُمُ الْآلَامَ بِبِشْرِهِمْ وَيَصِفُوْا لَهُمُ الدَّوَاءَ النَّافِعَ، لَا يَطْمَعُوْا فِي مَالِهِمْ وَيُسَاعِدُوْا الْفُقَرَاءَ بِعِلْمِهِمْ وَمَالِهِمْ

التمرين ۸ (مشق نمبر ۸)

(ا) اُكْتُبْ عِبَارَةً لَا تَقِلُّ عَنْ ثَلَاثَةِ اَسْطُرٍ فِيْمَا يَعْمَلُهُ اَخَوَاكَ صَبَاحَ كُلِّ

يَوْمٍ مِنْ وَقْتِ اِسْتِيْقَاظِهِمَا مِنَ النَّوْمِ، اِلٰى اَنْ يَذْهَبَا اِلَى الْمَدْرَسَةِ
ایک ایسی عبارت لکھئے کہ جو تین سطروں سے کم نہ ہو اس کام کے بارے میں جو تیرے دو بھائی جاگنے کے وقت سے لیکر مدرسہ کی طرف جانے کے وقت تک کرتے ہیں۔

حل:

اَخَوایَ يَسْتَيْقِظَانِ قَبْلَ اَذَانِ الْفَجْرِ وَيَفْرُغَانِ مِن حَوَائِجِهِمَا ثُمَّ يَغْتَسِلَانِ ثُمَّ يَذْهَبَانِ اِلَى الْمَسْجِدِ وَيُصَلِّيَانِ بِالْجَمَاعَةِ ثُمَّ يَرْجِعَانِ اِلَى الْبَيْتِ وَيَطْعَمَانِ الطَّعَامَ وَيَلْبَسَانِ الثِّيَابَ لِلذِّهَابِ الْمَدْرَسَةِ۔

(ب) اُكْتُبِ الْعِبَارَةَ مَرَّةً ثَانِيَةً وَابْتَدِءْ هَا بِكَلِمَةِ اِخْوَتِي، مَعَ مُرَاعَاةِ مَايَحْدُثُ فِي كَلِمَاتِهَا مِنَ التَّغْيِيْرِ
اسی عبارت کو دوبارہ لکھیں اور ابتدا کریں اخوتی کے کلمہ کے ساتھ، کلمات میں تبدیلی کی رعایت رکھتے ہوئے کہ کیا تبدیلی واقع ہوتی ہے۔

حل:

اِخْوَتِيْ يَسْتَيْقِظُوْنَ قَبْلَ اَذَانِ الْفَجْرِ و يَفْرُغُوْنَ مِن حَوَائِجِهِمْ ثُمَّ يَغْتَسِلُوْنَ ثُمَ يَذْهَبُوْنَ اِلَى الْمَسْجِدِ وَيُصَلُّوْنَ بِالْجَمَاعَةِ ثُمَّ يَرْجِعُوْنَ اِلَى الْبَيْتِ وَيَطْعَمُوْنَ الطَّعَامَ وَيَلْبَسُوْنَ الثِّيَابَ لِلذِّهَابِ الْمَدْرَسَةِ۔

التمرين ۹ (مشق نمبر ۹)

(ا) نموذج: نمونہ
اَلْاَوْلَادُ يَلْعَبُوْنَ الْاَوْلَا: مبتداء مرفوع
يَلْعَبُوْنَ: فِعْلٌ مُضَارِعٌ مَرْفُوْعٌ بِثُبُوْتِ النُّوْنِ لِاَنَّهٗ مِنَ الْاَفْعَالِ الْخَمْسَةِ وَ وَالْوَاوُ فَاعِلٌ مَبْنِيٌّ عَلَى السُّكُوْنِ فِي مَحَلِّ رَفْعٍ
اَلْاَوْلَادُ: مبتداء ہے اور اعراب اس کا مرفوع ہے ساتھ ضمہ لفظی کے۔

يَلْعَبُوْنَ: فعل مضارع مرفوع ثبوت نون کے ساتھ اس لئے یہ افعال خمسہ میں سے ہے اور واؤ علامت فاعل جمع مذکر مبنی بر سکون محل رفع میں ہے کیونکہ فاعل مرفوع ہوتا ہے۔

(ب) اَعْرِبِ الْجُمْلَتَيْنِ الآتِيَتَيْنِ آنے والے دو جملوں کا اعراب بیان کریں۔

(۱) التُّجَارُ يَرْبَحُوْنَ (۲) اَنْتِ تُهَذِّبِيْنَ الْاَطْفَالَ

اَلتُّجَّارُ: مبتداء مرفوع اس اعراب مرفوع ہے ساتھ ضمہ لفظی کے۔

يَرْبَحُوْنَ: فعل مضارع مرفوع سا ثبوت نون کے اس لئے یہ افعال ضمہ میں سے ہے اور اس واؤ علامت فاعل جمع مذکر ہے مبنی بر سکون ہے مجل رفع میں۔

اَنْتِ: مبتداء ہے اس کا اعراب مبنی پر کسر حل رفع میں ہے کیونکہ مبتداء مرفوع ہوتی ہے۔

تُهَذِّبِيْنَ: فعل مضارع مرفوع ہے۔ ثبوت نون کے۔ یہ افعال خمسہ میں سے ہے اور علامت فاعل کی یاء مخاطبہ ہے جو کہ مبنی بر سکون ہے رفع کے محل میں۔

اَلْاَطْفَالَ: مفعول بہ منصوب ہے اس کا نصب فتحہ کی صورت میں ہے۔

۞۞۞

تَقْسِيْمُ الْإِسْمِ اِلٰى مُفْرَدٍ، مُثْنٰى وَ جَمْعٍ

اسم کی تقسیم مفرد، تثنیہ اور جمع کی طرف

اَلْاَمْثِلَةِ (مثالیں)

واحد	تثنیہ	جمع
(۱) تَعِبَ الْعَامِلُ	(۱) تَعِبَ الْعَامِلَان	(۱) تَعِبَ الْعُمَّالُ
مزدور تھک گیا	دو مزدور تھک گئے	مزدور تھک گئے
(۲) حَضَرَ الْمُهَنْدِسُ	(۲) حَضَر الْمُهَنْدِسَان	(۲) حَضَر الْمُهَنْدِسُوْنَ
انجینئر حاضر ہوا	دو انجینئر حاضر ہوئے	انجینئر حاضر ہوئے
(۳) نَادَيْتُ الْبَائِعَ	(۳) نَادَيْتُ الْبائِعَيْنَ	(۳) نَادَيْتُ الْبَائِعِيْنَ
میں نے بیچنے والے کو آواز دی	میں نے دو بیچنے والوں کو آواز دی	میں نے بیچنے والوں کو آواز دی
(۴) اَثْنَيْتُ عَلَى الْمُهَذَّبَةِ	(۴) اَثْنَيْتُ عَلَى الْمُهَذَّبَتَيْنِ	(۴) اَثْنَيْتُ عَلَى الْمُهَذَّبَاتِ
میں تہذیب یافتہ عورت کی تعریف کی	میں دو تہذیب یافتہ عورتوں کی تعریف کی	میں تہذیب یافتہ عورتوں کی تعریف کی۔

اَلْبَحْثُ (تحقیق)

اَلْكَلِمَاتُ الْآخِيْرَةُ فِي الْاَمْثِلَةِ السَّابِقَةِ كُلُّهَا اَسْمَاءٌ، وَاِذَا تَاَمَّلْنَا هٰذِهِ الْاَسْمَاءَ فِي اَمْثِلَةِ الْقِسْمِ الْاَوَّلِ وَجَدْنَا كُلَّ اِسْمٍ مِنْهَا يَدُلُّ عَلٰى شَيْءٍ وَاحِدٍ وَيُسَمّٰى مُفْرَدًا وَاِذَا تَاَمَّلْنَا هَا فِي الْقِسْمِ الثَّانِي وَجَدْنَا كُلًّا مِنْهَا يَدُلُّ شَيْئَيْنِ اثْنَيْنِ، وَيَزِيْدُ عَلَى الْمُفْرَدِ اَلِفًا وَنُوْنًا اَوْيَاءً وَنُوْنًا فِي الْآخِرِ۔ وَيُسَمّٰى مُثْنٰى، اَمَّافِي

الْقِسْمِ الثَّالِثِ فَكُلٌّ مِنْهَا يَدُلُّ عَلٰى اَكْثَرَ مِنْ اثْنَيْنِ، وَيَخْتَلِفُ عَنِ الْمُفْرَدِ اِمَّا بِتَغْيِيْرٍ فِي الصُّوْرَةِ كما فِي الْمِثَالِ الاوَّلِ۔ اَوْ بِزِيَادَةٍ فِي الآخِرِ كَمَا فِي الْاَمْثِلَةِ الْبَاقِيَةِ۔ وَيُسَمَّى جَمْعًا وَسَيَاتِي لَهُ تَفْصِيْلٌ

سابقہ مثالوں میں آخری کلمات تمام کے تمام اسماء ہیں۔ جب ہم پہلی قسم کی مثالوں میں موجود اسماء میں غور کرتے ہیں تو ہم ان میں ہر ایک اسم کو اس طرح پاتے ہیں کہ وہ ایک چیز پر دلالت کرتا ہے۔تو اس کا نام رکھا جاتا ہے اور جب ہم دوسری قسم میں موجود اسموں میں غور کرتے ہیں تو ان میں سے ہر ایک دو چیزوں پر دلالت کرتا ہے اور مفرد پر زائد ہوتا ہے الف ونون یا ی اور نون آخر میں اس کا نام رکھا جاتا ہے مثنیٰ بہرحال تیسری قسم میں ہر ایک دو سے زائد پر دلالت کرتا ہے اور مفرد سے مختلف ہے یا تو صورت تبدیلی کے اعتبار سے جیسا کہ پہلی مثال میں ہے یا آخر میں حروف کی زیادتی کے اعتبار سے جیسا کہ باقی مثالوں میں اس کا نام جمع کا رکھا جاتا ہے عنقریب اس کی تفصیل آئے گی۔

اَلْقَاعِدَةُ (قاعدہ)

(۵۳) اَلْاِسْمُ يَنْقَسِمُ ثَلَاثَةَ اَقْسَامٍ۔ مُفْرَدٌ وَمُثَنًّى وَجَمْعٌ، فَالْمُفْرَدُ مَادَلَّ عَلٰى شَيءٍ وَاحِدٍ۔ وَالْمُثَنّٰى مَادَلَّ عَلٰى شَيْئَيْنِ اثْنَيْنِ بِزِيَادَةِ اَلِفٍ وَنُوْنٍ اَوْيَاءٍ وَنُوْنٍ فِي آخِرِهِ وَالْجَمْعُ مَادَلَّ عَلٰى اَكْثَرَ مِنْ اِثْنَيْنِ

اسم تین قسموں کی طرف تقسیم ہوتا ہے۔ مفرد، مثنیٰ، اور جمع پس مفرد وہ ہے کہ جو ایک چیز پر دلالت کرے۔ اور مثنیٰ وہ ہے کہ جو دو چیزوں پر دلالت کرے الف اور نون کی زیادتی کے ساتھ یا یاء اور نون آخر میں ہو۔ اور جمع وہ ہے کہ جو دو سے زائد پر دلالت کرے۔

تمرینات (مشقیں)

التمرین ۱ (مشق نمبر۱)

عَيِّنْ فِي الْعِبَارَةِ الآتِيَةِ الْمُفْرَدَ وَالْمُثَنّٰي وَالْجَمْعَ

آنے والی عبارت میں مفرد، تثنیہ اور جمع کی تعیین کریں۔

ذَهَبْتُ مَرَّةً لِزِيَارَةِ صَدِيْقٍ۔ فَاَدْخَلَنِیْ فِی حُجْرَةٍ لَهَا ثَلَاثُ شَبَابِيْكُ وَبَابَانِ۔ جُدْرَانُهَا مُزَيَّنَةٌ بِالصُّوَرِ وَالرُّسُوْمِ، وَاَرْضُهَا مَفْرُوْشَةٌ بِالْبُسُطِ الْفَارِسِيَّةِ وَفِيْهَا اَرَائِكُ مَصْفُوْفَةٌ، وَفِی اَحَدِ جَوَانِبِهَا خِزَانَةُ كُتُبٍ عَجِيْبَةٍ وَرَاَيْتُ هُنَاكَ رَجُلَيْنِ جَالِسَيْنِ يَذْكُرَانِ اَخْبَارَ الْمُخْتَرِعِيْنَ، وَيَقُصَّانِ مَا يَشُوْقُ الْمُسْتَمِعِيْنَ مِنَ الْحِكَايَاتِ اللَّطِيْفَةِ وَالنَّوَادِرِ الطَّرِيْفَةِ۔

حل:

مفرد: صَدِيْقٌ، حُجْرَةٌ

تثنیہ: بَابَان، رَجُلَان، جَالِسَيْنِ، يَذْكُرَان

جمع: شَبَابِيْكُ، جُدْرَانٌ، صُوَرٌ، رُسُوْمٌ، جَوَانِبُ، كُتُبٌ، الْمُخْتَرِعِيْنَ، الْمُسْتَمِعِيْنَ

التمرين ۲ (مشق نمبر۲)

ثَنِّ الْاَسْمَاءَ الْاٰتِيَةَ — آنے والے اسماء کی تثنیہ لکھیں:

باب، شجرة، طريق، عصفور ، كريم، ذكي، حديقة، نهر، كتابٌ، ورقه

حل:

تثنیہ حالت رفع میں	تثنیہ حالت نصب جر میں
بَابَانِ	بَابَيْنِ
شجرتانِ	شَجَرَتَيْنِ
طَرِيْقَانِ	طَرِيْقَيْنِ
عُصْفُوْرَانِ	عُصْفُوْرَيْنِ
كَرِيْمَانِ	كَرِيْمَيْنِ
ذَكِيَّانِ	ذَكِيَّيْنِ
حَدِيْقَتَانِ	حَدِيْقَتَيْنِ

نَهْرَانِ	نَهْرَيْنِ
كِتَابَانِ	كِتَابَيْنِ
وَرَقَتَانِ	وَرَقَتَيْنِ

التمرين ۳ (مشق نمبر۳)

رُدَّ الْجُمُوعَ الآتِيَةَ اِلَى مُفْرَدَاتِهَا وَاسْتَعْمِلْ كُلَّ مُفْرَدٍ فِي جُمْلَةٍ مُفِيْدَةٍ

آنے والے جمع کے کلمات کو ان کے مفردات کی طرف لٹائیے اور ہر مفرد کو جملہ مفیدہ میں استعمال کیجئے۔

نجوم، بساقين، موضعات، بحار، سفن، حجرات، فنادق، جنود، اطباء، مختصرعون

حل:

مفردات: نجم، بُستان، مومنة، بحر، سفينة، حجرة، فندق، جند، طبيب، مخترع

جملے:

(۱) يَازَيْدُ انْظُرْ اِلٰى نَجْمٍ لاَمِعٍ فِي السَّمَآءِ

(۲) ذَهَبْتُ اِلٰى بُسْتَانٍ جَمِيْلٍ بَعْدَ الْعَصْرِ

(۳) كَانَتْ عَائِشَةُ مُؤْمِنَةً كَامِلَةً

(۴) اَلسَّفِيْنَةُ تَجْرِي فِي نَهْرِ بَلَدِنَا۔

(۵) رَوْضَةُ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَتْ حُجْرَةَ عائِشَةَ

(۶) اَلْعُمَّالُ يَاكُلُوْنَ فِي الْفُنْدُقِ

(۷) اَلْمُجَاهِدُوْنَ فِي سَبِيْلِ اللّٰهِ جُنْدُ اللّٰهِ

(۸) جَاءَ فِي طَبِيْبٌ حَاذِقٌ

(۹) اَلْمُخْتَرِعُ فِي الْحَدِيْثِ عُدُوُّ رَسُوْلِ اللّٰه صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

○○○

تَقْسِيمُ الْجَمْعِ

(جمع کی تقسیم)

اَلْاَمْثِلَةِ (مثالیں)

(۱)حَضَرَ الرِّجالُ	(۱)فَازَ الْمُجِدُّوْنَ	(۱)فَازَتِ الْمُجِدَّاتُ
آدمی حاضر ہوئے	محنتی کامیاب ہوئے	محنتی عورتیں کامیاب ہوئیں
(۲) قَرَأتُ الْكُتُبَ	(۲) اَكْرَمْتُ الْقَادِمِيْنَ	(۲) اَكْرَمْتُ الْقَادِمَاتُ
میں نے کتابیں پڑھیں	میں نے آنے والوں کا احترام کیا	میں نے آنے والی عورتوں کا احترام کیا
(۳) مَشَيْتُ فِي الطُّرُقِ	(۳) رَضِيْتُ عَنِ الْكَاتِبِيْنَ	(۳) رَضِيْتُ عَنِ الْكَاتِبَاتِ
میں راستوں پر چلا	میں لکھنے والوں سے راضی ہوا	میں لکھنے والی عورتوں سے راضی ہوا

اَلْبَحْثُ (تحقیق)

اَلْاَسْمَاءُ الْآخِيْرَةُ فِي اَمْثِلَةَ الْقِسْمِ الْاَوَلِ كُلُّهَا جُمُوْعٌ وَاِذَا نَظَرْنَا اِلٰى مُفْرَدٍ كُلِّ وَاحِدٍ مِنْهَا وَوَازَنَّابَيْنَهُ وبَيْنَ جَمْعِهِ، وَجَدْنَا صُوْرَتَهُ قَدْ تَغَيَّرَتْ فِي الْجَمْعِ، فَالرِّجَالُ مَثَلاً جَمْعٌ مُفْرَدُهُ رَجُلٌ، وَقَدْ تَغَيَّرَتْ فِيْهِ صُوْرَةُ الْمُفْرَدِ،بِكَسْرِ الرَّاءِ وَفَتْحُ الْجِيْمِ وَزِيَادَةُ الْاَلِفِ وَمِنْ اَجَلِ هٰذَا التَّغْيِيْرِ الَّذِيْ يُشْبَهُ تَكْسِيْرَ الشَّئِ بَعْدَانْ كَانَ صَحِيْحًا۔ تُسَمَّى هٰذِهِ الْجُمُوْعُ جُمُوْعَ تَكْسِيْرِ

قسم اول کی مثالوں میں آخری اسماء تمام کے تمام جمع ہیں اور جب ہم ان میں

سے ہر ایک مفرد کی طرف غور کرتے ہیں مفرد اور جمع کے وزن کے اعتبار سے تو ہم اس کی صورت کو جمع میں تبدیل شدہ پاتے ہیں۔ پس رجال جمع ہے اس کی مفرد رجل ہے اور تحقیق جمع میں مفرد کی صورت بدل گئی۔ را کے کسرہ اور جیم کے فتحہ اور الف کے زیادہ ہونے کے ساتھ اور یہ اسی تبدیلی کی وجہ جو چیز کے ٹوٹ جانے کے مشابہہ ہو باوجود اس کے وہ صحیح ہو تو اس جمع کا نام جمع تکسیر رکھا جاتا ہے۔

وَالْكَلِمَاتُ الْأَخِيْرَةُ فِي الْقِسْمِ الثَّانِيْ كُلُّهَا جُمُوْعٌ اَيْضًا وَاِذَا نَظَرْنَا اِلٰى مُفْرَدِ كُلٍّ مِّنْهَا وَجَدْنَاهُ يَدُلُّ عَلٰى مُذَكَّرٍ، وَوَجَدْنَا صُوْرَتَهُ سَالِمَةً لَمْ تَتَغَيَّرْ فِي الْجَمْعِ وَاِنَّمَا زِيْدَ عَلَيْهَا وَاوٌ وَنُوْنٌ فِي الْآخِرِ كَمَا فِي الْمِثَالِ الْأَوَّلِ اَوْ يَاءٌ وَنُوْنٌ كَمَا فِي الْمِثَالَيْنِ الآخِيْرَيْنِ وَمِنْ اَجَلِ ذَالِكَ يُسَمّٰى كُلُّ وَاحِدٍ مِنْ هٰذِهِ الْجُمُوْعِ جَمْعَ مُذَكَّرٍ سَالِمًا۔

اور دوسری قسم میں بھی آخری کلمات سارے کے سارے جمع ہیں اور جب ہم ان میں سے ہر ایک مفرد کی طرف توجہ کرتے ہیں تو ہم اس کو مذکر پر دلالت کرتے ہوئے پاتے ہیں اور اس کی صورۃ اس طرح سالم پاتے ہیں کہ اس میں کوئی تبدیلی نہیں ہوئی سوائے اس کے اس کے آخر میں واؤ اور نون کو زائد کیا گیا ہے جیسا کہ پہلی مثال میں تھا۔ یا یاء اور نون جیسا کہ آخری دو مثالوں میں ہے۔ اسی وجہ سے ان جمع کے کلموں میں سے ہر ایک کا نام جمع مذکر سالم رکھا جاتا ہے۔

وَاِذَا نَظَرْنَا اِلَى الْكَلِمَاتِ الآخِيْرَةِ فِي الْقِسْمِ الثَّالِثِ وَجَدْنَا هَا اَيْضًا جُمُوْعًا وَاِذَا تَاَمَّلْنَا مُفْرَدَ كُلٍّ مِنْهَا، وَجَدْنَاهُ يَدُلُّ عَلٰى مُؤَنَّثٍ وَوَجَدْنَا صُوْرَتَهُ سَالِمَةً لَمْ تَتَغَيَّرْ فِي الْجَمْعِ، وَاِنَّمَا زِيْدَ عَلَيْهَا اَلِفٌ وَتَاءٌ فِي الْآخِرِ وَمِنْ اَجَلِ ذَالِكَ يُسَمّٰى كُلُّ وَاحِدٍ مِنْ هٰذِهِ الْجُمُوْعِ

جَمْعَ مؤنَّثٍ سَالِمًا۔

اور جب ہم تیسری قسم میں آخری کلمہ کی طرف توجہ کرتے ہیں تو اس کو بھی ہم جمع پاتے ہیں جب ہم ان میں سے ہر ایک کے مفرد میں غور کرتے ہیں تو ہم اس کو مؤنث پر دلالت کرتا ہوا پاتے ہیں اور اس کی صورۃ کو بھی بالکل سالم پاتے ہیں کہ جمع میں کوئی تبدیلی نہیں ہوئی۔ سوائے اس کے کہ اس کے آخر میں الف اور ''ت'' زائد کی گئی ہے اسی وجہ سے ان جمع کے کلمات میں سے ہر ایک کا نام جمع مؤنث سالم رکھا جاتا ہے۔

اَلْقَاعِدَةُ (قاعدہ)

(۵۴) يَنْقَسِمُ الْجَمْعُ ثَلَاثَةَ اَقْسَامٍ: جَمْعُ تَكْسِيْرٍ وَجَمْعُ مُذَكَّرٍ سَالِمٌ وَجَمْعُ مؤنَّثٍ سَالِمٌ

جمع تین طرح سے تقسیم ہوتی ہے جمع تکسیر اور جمع مذکر سالم اور جمع مؤنث سالم۔

(ا) فَجَمْعُ التَّكْسِيْرِ مَادَلَّ عَلَى اَكْثَرَ مِنْ اثْنَيْنِ بِتَغَيُّرِ صُوْرَةِ مُفْرَدِهٖ

جمع تکسیر وہ جمع ہے جو دو سے زیادہ پر دلالت کرے مفرد کی شکل میں تبدیلی کے ساتھ۔

(ب) وَجَمْعُ الْمُذَكَّرِ السَّالِمِ مَادَلَّ عَلٰى اَكْثَرَ مِنْ اِثْنَيْنِ بِزِيَادَةِ وَاوٍ وَنُوْنٍ اَوْيَاءٍ وَنُوْنٍ فِي آخِرِهٖ

جمع مذکر سالم وہ جمع کہ جو دو سے زیادہ پر دلالت کرواؤ نون یا یاء نون کی زیادتی کے ساتھ کلمے کے آخر میں۔

(ج) وَجَمْعُ الْمُؤَنَّثِ السَّالِمِ مَادَلَّ عَلَى اَكْثَرَ مِنْ اِثْنَيْنِ بِزِيَادَةِ اَلِفٍ وَتَاءٍ فِي آخِرِهٖ

جمع مؤنث سالم وہ جو دو سے زیادہ پر دلالت کرے آخر میں الف اور ''ت'' کی زیادتی کے ساتھ۔

تمرینات (مشقیں)

التمرین ا (مشق نمبرا)

عَيِّنْ فِي الْقِطْعَةِ الآتِيَةِ جَمْعَ الْمُذَكَّرِ السَّالِمِ، وَجَمْعَ الْمُؤنَّثِ السَّالِمِ وَجَمْعَ التكْسِيْرِ۔

آنے والے حصے میں جمع مذکر سالم اور جمع مؤنث سالم اور جمع تکسیر کی تعیین کریں۔

كَانَ مُلُوكُ الْمِصْرِيِيْنَ الْقُدَمَاءِ يَبْنُوْنَ الْمَعَابِدَ، ويُزَيِّنُوْ نَهَا بِالصُّوَرِ وَالرَّسُوْمِ ويُدَوِّنُوْنَ عَلَيْهَا تَوَارِيْخَ وَقَائِعِهِمُ الْحَرِبِيَةِ۔ وَاِذَا تَامَّلْت مَعْبَدَ الْاَقْصَرِ رَاَيْتَ على جُدْرَا نِهِ صُوْرَةَ الْمَلِكِ رَمْسِيْسَ جَالِسًا عَلى عَرْشِهِ وَحَوْلَهُ الْقُوَادَ وَالْاُمَراءَ يَتَشَاوَرُوْنَ وَرَاَيْتَ صُوْرَةَ الْمَعَسْكَرِ وفِيْهِ جُنُوْدُهُ الْمُدَرَّبُوْنَ وَقُدَّامَهَا جَمْهُمُ الْحَيْثِيُوْنَ۔ وَرَاَيْتَ رَمْسِيْسَ فِي صُوْرَةٍ اُخْرىٰ وَهُوَ يَهْجُمُ عَلٰى اَعْدائِهِ۔ فَيِفِرُّوْن مِنْ وَجْهِهِ جَمَاعَاتٍ وَيُهَرْوِلُوْنَ طَالِبِيْنَ النَجَاةَ فِي الْحُصُوْنِ۔

حل: تعیین جمع

جمع مذکر سالم	جمع مؤنث سالم	جمع تکسیر
المصريين،	جماعات	ملوك، القدماء، المعابد
المدرَّبون		الصور، الرسوم،
الحيثيون		تواريخ، وقائع
طالبين		جدران، القواد، الامراء
		جنود، اعداء، حصون

(ب)

رُدَّ كُلَّ جَمْعٍ فِي القِطْعَةِ الْمَاضِيَةِ اِلٰى مُفْرَدِهِ

گزشتہ قطعہ میں موجود ہر جمع کو اس کے مفرد کی طرف لوٹاؤ۔

حل:

المصری، المدرب، الحیثی، طالب، جماعہ، ملك، قدیم، المعبد، الصورة، الرسم، تاریخ، واقعة، جدار، قائد، امیر، جندی، عدو، حصن

التمرین ۲ (مشق نمبر۲)

اَجْمِعِ الْمُفْرَدَاتِ الآتِیَةَ جُمُوْعًا تُنَاسِبُهَا۔

آنے والے مفردات کی ان کے مناسب جمع بنائیے۔

فاطمة، مغاره، عمود، مصری، تاجر، فلاح، مصباح، طریق، صفحة، مسجد، کره، بستان، بقرة، ثور، اَسَدٌ، غابة۔

حل مفردات کی جمع:

فاطمات، مغارات، اعمدة، مصریون، صفحات، مساجد، کراة، بساتین، بقرات، ثیران، اُسُدٌ غابات

○○○

(۱) اِعْرَابُ الْمُثَنّٰی

تثنیہ کا اعراب

اَلْاَمْثِلَۃِ (مثالیں)

اعراب حالت جری	اعراب حالت نصبی	اعراب حالت رفعی
(۱) اَعْطَیْتُ الْکُرَۃَ لِلْوَلَدَیْنِ	(۱) کَافَأتُ الْوَلَدَیْنِ	(۱) لَعِبَ الْوَلَدَانِ
میں نے دولڑکوں کیلئے گیند دی	میں نے دولڑکوں کو بدلہ دیا	دولڑکے کھیلے
(۲) اِشْتَرَیْتُ مِنَ الشَّرِیْکَیْنِ	(۲) حَادَثْتُ الشَّرِیْکَیْنِ	(۲) اِتَّفَقَ الشَّرِیْکَانِ
میں نے دوحصہ داروں سے خریدا	میں نے دوحصہ داروں سے بات کی	دوحصہ داروں نے اتفاق کیا
(۳) دَنَوْتُ مِنَ الشَّجَرَتَیْنِ	(۳) تَسَلَّقْتُ الشَّجَرَتَیْنِ	(۳) اَوْرَقَتِ الشَّجَرَتَانِ
میں دودرختوں سے قریب ہوا	میں دودرختوں پر چڑھا	دودرخت پتے دار بنے
(۴) سَلَّمْتُ عَلَی الْمُسَافِرَیْنِ	(۴) وَدَّعْتُ الْمُسَافِرَیْنِ	(۴) حَضَرَ الْمُسَافِرَانِ
میں نے دومسافروں کوسلام کیا	میں نے دومسافروں کو الوداع کیا	دوسفر کرنے والے حاضر ہوئے

اَلْبَحْثُ (تحقیق)

تَأَمَّلِ الْكَلِمَاتِ الْآخِيْرَةَ فِي الْأَمْثِلَةِ السَّابِقَةِ تَجِدُ كُلاًّ مِنْهَا مُثَنًّى لِأَنَّهُ يَدُلُّ عَلٰى اِثْنَيْنِ بِزِيَادَةِ اَلِفٍ وَنُوْنٍ اَوْ يَاءٍ وَنُوْنٍ وَتَجِدُهَا فِي الْقِسْمِ الْأَوَّلِ مَرْفُوْعَةً لِاَنَّ كُلاًّ مِنْهَا يَقَعُ فَاعِلاً وَفِي الْقِسْمِ الثَّانِيْ مَنْصُوْبَةً لِاَنَّ كُلاًّ مِنْهَا يَقَعُ مَفْعُوْلاً بِهٖ وَفِي الْقِسْمِ الثَّالِثِ مَجْرُوْرَةً لِاَنَّ كُلاًّ مِنْهَا مَسْبُوْقٌ بِحَرْفِ جَرٍّ۔ فَمَا عَلَامَاتُ الرَّفْعِ وَالنَّصَبِ وَالْجَرِّ فِيْهَا؟ نَبْحَثُ فَنَجِدُ اَنَّ هٰذِهِ الْكَلِمَاتِ فِي حَالَةِ الرَّفْعِ تَنْتَهِي بِاَلِفٍ وَنُوْنٍ وَفِي حَالَةِ النَّصَبِ وَالْجَرِّ تَنْتَهِي بِيَاءٍ وَنُوْنٍ وَمِنْ ذَالِكَ نَسْتَطِيْعُ اَنْ نُدْرِكَ اَنَّ الْاَلِفَ هِيَ عَلَامَةُ الْاِعْرَابِ النَّائِبَةُ عَنِ الضَّمَةِ فِي حَالَةِ الرَّفْعِ وَالْيَاءَ هِيَ علامَةُ الْاِعْرَابِ النائِبَةُ عَنِ الْفَتْحَةِ وَالْكَسْرَةِ فِي حَالَتَيِ النَّصَبِ وَالْجَرِّ۔

گزشتہ مثالوں میں موجود آخری کلمات میں تو غور کرے تو ان میں سے ہر ایک کو تثنیہ پائے گا اس لئے کہ وہ الف اور نون یا یاء اور نون کی زیادتی کے ساتھ دو پر دلالت کرتا ہے اور اس کو تو پہلی قسم میں مرفوع پائے گا۔ اس لئے کہ ان میں سے ہر ایک فاعل بن رہا ہے اور دوسری قسم میں اس کو منصوب پائے گا اس لئے کہ ان میں سے ہر ایک مفعول بہ بن رہا ہے اور تیسری قسم مجرور پائے گا اس لئے کہ ہر ایک ان میں سے حرف جر کے بعد واقع ہے۔ پس ان میں رفع، نصب اور جر کی علامات کیا ہیں۔ ہم نے تحقیق کی تو ہم نے ان کلمات کو حالت رفع میں پایا کہ وہ الف اور نون کے ساتھ پورے (ختم) ہوتے ہیں اور حالت نصب اور جر میں وہ یاء اور نون کے ساتھ مکمل ہوتے ہیں۔ اسی وجہ سے ہم یہ بات کہنے کی قدرت رکھتے ہیں کہ الف حالتِ رفع میں ضمہ کے نائب ہونے کی علامت اعرابی ہے۔ اور یاء حالتِ نصب اور حالت جر میں فتحہ اور کسرہ کے اعراب کی نائب ہونے کی علامت ہے۔

اَلْقَاعِدَةُ: (قاعدہ)

يُرْفَعُ الْمُثَنّٰى بِالْأَلِفِ وَيُنْصَبُ وَيُجَرُّ بِالْيَاءِ

تثنیہ کو رفع الف کے ساتھ اور نصب وجر یاء کے ساتھ دیا جاتا ہے۔

تمرينات (مشقیں)

التمرين ۱ (مشق نمبرا)

عَيِّنِ الْمُثَنّٰى الْمَرْفُوْعَ وَالْمَنْصُوْبَ وَالْمَجْرُوْرَ فِي الْعِبَارَاتِ الْآتِيَةِ وَبَيِّنِ السَّبَبَ وَعَلَامَةَ الْإِعْرَابِ فِي كُلٍّ

عبارات میں آنے والے تثنیہ مرفوع منصوب اور مجرور کی تعیین کیجئے اور سبب اوراعراب کی علامت ہرایک میں بیان کریں۔

(۱) اَلْبَابَانِ مَفْتُوْحَانِ (۲) يَجُرُّ الْمِحْرَاثَ ثَوْرَانِ

(۳) تَمْشِي الدَّجَاجَةُ عَلٰى رِجْلَيْنِ (۴) كَانَتِ الْحُجْرَتَانِ ضَيِّقَتَيْنِ

(۵) اَكَلْتُ تُفَاحَتَيْنِ (۶) قَرَأْتُ مِنَ الْكِتَابِ صَفْحَتَيْنِ

(۷) اِشْتَرَيْتُ الْكِتَابَ بِقِرْشَيْنِ (۸) اِنَّ الْكَبْشَيْنِ سَمِيْنَانِ

حل: اعرابی حالت

مرفوع	منصوب	مجرور
اَلْبَابَانِ، مَفْتُوْحَانِ، ثَوْرَانِ، حُجْرَتَانِ سَمِيْنَانِ	ضَيِّقَتَيْنِ، تُفَاحَتَيْنِ صَفْحَتَيْنِ كَبْشَيْنِ	رِجْلَيْنِ قِرْشَيْنِ

سبب اور علامات اعراب

البابان مرفوع ہے مبتداء ہونے کی وجہ سے مرفوع ہے الف کے ساتھ

مفتوحان // // خبر // // // // // // //

حجرتان // // کان کا اسم // // // // // //

سمینان // // ان کی خبر // // // // // //

ضیقتین // // کان کی خبر // // منصوب ہے یا کے ساتھ

تفاحتین منصوب مفعول بہ ہونے کی وجہ سے // // // // //

صفحتین // // // // // // // // // // //

کبشین // // اِنَّ کا اسم // // // // // // // //

رجلین مجرور ہے علیٰ حرف جر داخل ہونے کی وجہ سے مجرور علیٰ کی وجہ

قرشین // // با // // // // // // باء کی وجہ سے

التمرين ۲ (مشق نمبر۲)

ضَعْ مُثَنّٰى كُلِّ كَلِمَةٍ مِنَ الْكَلِمَاتِ الآتِيَةِ فِي جُمْلَةٍ مُفِيْدَةٍ .

آنے والے کلمات میں سے ہر کلمہ کی جملہ مفیدہ میں تثنیہ بنایئے۔

عمود، غرضة، کرسی، نخلة، غزال، صورتان، عالم، بائع، قلم، حجر

حل:

(۱) اَلْعَمُوْدَانِ قَائِمَانِ تَحْتَ السَّقْفِ

(۲) هٰذَانِ كُرْسِيَّانِ

(۳) اِشْتَرَيْتُ غَزَالَيْنِ مِنَ السُّوقِ

(۴) رَأَيْتُ عَالِمَيْنِ رَاكِبَيْنِ عَلَى الفَرَسَيْنِ

(۵) هَلْ عِنْدَكُمْ قَلَمَانِ

(۶) هَلْ فِي بَيْتِكُمْ غُرْفَتَانِ

(۷) هَلْ فِي حَدِيْقَتِكُمْ نَخْلَتَانِ

(۸) رَأَيْتُ الْبَائِعَيْنِ فِي السُّوْقِ

(۹) رَأَيْتُ عَلَى رَاسِ الْعَامِلِ حَجَرَانِ

(۱۰) هَلْ فِی حُجُرَتِكُمْ صُوْرَتَانِ

التمرین ۳ (مشق نمبر۳)

ثَنِّ الْكَلِمَاتِ الآتِيَةَ وَضَعْهَا بَعْدَ التَّثْنِيَةِ فِي جُمَلٍ مُفِيْدَةٍ بِحَيْثُ يَقَعُ كُلٌّ مِنْهَا مَرَّةً فَاعِلاً، مَرَّةً مفعُوْلاًبه، وَمَرَّةً اِسْمًا لِاَنَّ وَمَرَّةً اِسْماً لِكَانَ

آنے والے کلمات کی تثنیہ بنایئے اور تثنیہ بنانے کے بعد ایسے جملہ مفیدہ میں اس طریقے سے رکھیئے کہ ان میں سے ہر ایک ایک مرتبہ فاعل، ایک مرتبہ مفعول بہ اور ایک مرتبہ ان کا اسم اور ایک مرتبہ کان کا اسم واقع ہو۔

النخله، الشارع، السفينة، الجبل، الجندی۔

حل: دیئے گئے الفاظ کا جملوں میں استعمال

اَثْمَرَتْ نَخْلَتَانِ فِی بُسْتَانِكُمْ — يُؤَدِّی الشَّارِعَانِ اِلَى الْمَنْزِلِ

غَرَسْتُ نَخْلَتَيْنِ فِی بَيْتِی — رَاَيْتُ الشَّارِعَيْنِ فِی قَرْيَتِكُمْ

اِنَّ النَّخْلَتَيْنِ مُرْتَفِعَتَانِ — اِنَّ الشَّارِعَيْنِ طَوِيْلاَنِ

كَانَتِ النَّخْلَتَانِ مَوْجُوْدَتَيْنِ فِی هٰذَا الْبَيْتِ — كَانَ الشَّارِعَانِ ضَيِّقَيْنِ

هَلْ جَرَتِ السَّفِيْنَتَانِ فِی الْبَحْرِ اَمْسِ — اِكْتَرٰى زَيْدٌ السَّفِيْنَتَيْنِ

اِنَّ السَّفِيْنَتَيْنِ مَوْجُوْدَتَانِ عَلَى شَاطِئِ النَّهْرِ — كَانَتِ السَّفِيْنَتَانِ رَاكِدَتَيْنِ فِی الْمَاءِ

زَلْزَلَ الْجَبَلَانِ مِنَ الرَّجْفَةِ — وَجَدْتُ الْجَبَلَيْنِ مُرْتَفِعَيْنِ فِی سَوَاتٍ

اِنَّ الْجَبَلَيْنِ مُطِلَّاتٌ عَلَى الْكَشْمِيْرِ — كَانَ الْجَبَلَانِ عَلٰى بُعْدٍ مِنَ الطَّائِفِ

ظَهَرَ الْجُنْدِيَّيْنِ قَوِيَانِ عَلَى الْعَدُوِ — كَانَ الْجُنْدِيَانِ يَنْصُرَانِ الْمَظْلُوْمَ

اِنَّ الْجُنْدِيَتَنِ قَوِيَانِ عَلَى الْعَدُوِ — وَجَدْتُ الْجُنْدِيَّيْنِ ذَالْاِسْتِقَامَةِ۔

التمرین ۴ (مشق نمبر۴)

(۱) اِيْتِ بِجُمْلَتَيْنِ فِعْلِيَتَيْنِ الْفَاعِلُ فِی كُلٍّ مِنْهَا مُثَنّٰى

دو جملے ایسے بنایئے کہ ان میں فاعل تثنیہ ہو۔

حل:

ذَهَبَ رَجُلَانِ اِلٰی لَاهُوْرَ نَصَرَ طَالِبَانِ فَقِيْرَيْنِ

(۲) اِيْتِ بِجُمْلَتَيْنِ فِعْلِيَتَيْنِ اَلْمَفْعُوْلُ بِهٖ فِي كُلٍّ مِنْهَا مثنٰی

دو جملے ایسے بنائیے کہ ان میں مفعول بہ تثنیہ ہو۔

حل:

(۱) اِشْتَرَيْتُ جَمَلَيْنِ مِنْ دِيَارِ الْعَرَبِ

(۲) ذَبَحْتُ بَقَرَتَيْنِ فِي الْحَرَمِ

(۳) اِيْتِ بِجُمْلَيْنِ اِسْمِيَتَيْنِ الْمُبْتَدَاءِ وَالْخَبَرِ فِي كُلٍّ مِنْهَا مُثَنَّيَانِ

دو جملے اسمیہ ایسے بنائیے کہ مبتدا اور خبر ایک میں تثنیہ ہو۔

(۱) الرَّجُلَانِ قَائِمَانِ (۲) اَلْهِرَّتَانِ مَوْجُوْدَتَانِ فِي الْبَيْتِ

(۴) اِيْتِ بِجُمْلَتَيْنِ اِسْمُ اِنَّ فِي كُلٍّ مِنْهَا مُثَنّٰی

دو جملے ایسے بنائیے کہ ان میں اِنَّ کا اسم تثنیہ ہو۔

حل:

(۱) اِنَّ الرَّجُلَيْنِ نَائِمَانِ (۲) اِنَّ الصَّبِيَّيْنِ بَاكِيَانِ

التمرين ۵ (مشق نمبر۵)

ثَنِّ كُلَّ عُضْوٍ لَهٗ مَثِيْلٌ فِي وَجْهِ الْاِنْسَانِ وَضَعْهُ بَعْدَ التَّثْنِيَةِ فِي عِبَارَةٍ تُشْرَحُ فَوَائِدُهٗ

انسانی چہرے کی تمام اعضاء کہ جن کے مثل موجود ہیں ان کا تثنیہ بنائیے اور ان کو مفید جملوں میں اس طرح بیان کریں کہ ان کے فوائد بیان ہو جائیں۔

حل:

(۱) اَلْعَيْنَانِ تُبْصِرَانِ (۲) اَلْاُذُنَانِ تَسْمَعَانِ

(۳) اَلشَّفَتَانِ تُقَبِّلَانِ (۴) اَلْخَدَّانِ الْاَحْمَرَانِ مَحْبُوْبَانِ

(۵) الْحاجِبَتَانِ قَصِيْرَتَانِ (۶) الْمِخْزَانِ يُنَظِّفَانِ الْهَوَآءَ
(۷) الْهُدْبَانِ سَقْفُ الْعَيْنَيْنِ (۸) لَايَتَحَرَّكُ يَدَا الْمَرِيْضِ

التمرين ۶ (مشق نمبر۶)

(أ) نموذج: نمونه

(۱) يَجُرُّ الْعَجَلَةَ جَوَادَانِ

يَجُرُّ: فِعْلٌ مُضَارِعٌ مَرْفُوْعٌ بِالضَّمَّةِ

يَجُرُّ: فعل مضارع مرفوع ضمہ کے ساتھ

جَوَادَانِ: فاعل مرفوع بالالف لِاَنَّهٗ مثنٰی فاعل مرفوع الف کے ساتھ اسلئے کہ وہ تثنیہ ہے۔

الْعَجلة: مَفْعُوْلٌ بِهٖ مُقَدَّمٌ مَنْصُوْبٌ بِالْفَتْحَةِ

العجلة: مفعول بہ مقدم ہے منصوب فتحہ کے ساتھ ہے۔

(۲) اِسْتَعَارَ عَلِيٌّ كِتَابَيْنِ

اِسْتَعَارَ: فِعْلٌ مَاضٍ مَبْنِيٌّ عَلَى الْفَتْحِ فعل ماضی مبنی برفتحہ ہے۔

عَلِيٌّ: فَاعِلٌ مَرْفُوْعٌ بالضمة فاعل مرفوع ہے ضمہ کے ساتھ

كِتَابَيْنِ: مَفْعُوْلٌ بِهٖ مَنْصُوْبٌ بِالْيَاءِ لِاَنَّهٗ مُثَنًّى

مفعول بہ منصوب ہے یاء کے ساتھ کیونکہ تثنیہ ہے۔

(ب)

اَعْرِبِ الْجُمَلَ الْآتِيَةَ

آنے والے جملوں کا اعراب بتائیں۔

(۱) الْهِرَّتَانِ نَظِيْفَتَانِ (۲) اِنَّ الْغَائِبَيْنِ مَرِيْضَانِ
(۳) وَقَفَ تِلْمِيْذَانِ فِي صَفَّيْنِ

حل:

اَلْهِرتَانِ: مبتداء مرفوع ضمہ الف کے ساتھ ہے۔

نَظِيْفَتَانِ: خبر مرفوع ہے 〃 〃 〃 〃

اِنَّ: حرف ہے کہ مبنی بر فتحہ ہے۔

اَلْغَائِبَيْنِ: اسم اِنَّ ہے منصوب ہے فتحہ یاء کے ساتھ ہے۔

مَرِيْضَانِ: خبر انَّ ہے مرفوع ہے ضمہ الف کے ساتھ ہے۔

وَقَفَ: فعل ماضی ہے مبنی بر فتحہ ہے۔

تِلْمِيْذَانِ: فاعل مرفوع ہے اور ضمہ ساتھ الف کے ہے۔

فِي: حرف جر ہے مبنی بر سکون ہے۔

صَفَّيْنِ: مجرور ہے حرف جر کی وجہ سے (کسرہ) یاء کے ساتھ۔

○○○

(۱) اِعْرَابُ جَمْعِ الْمُذَكَّرِ السَّالِمِ

جمع مذکر سالم کا اعراب

اَلْاَمْثِلَةُ (مثالیں)

(۱) رَبِحَ الْفَلَّاحُوْنَ	(۱) نُكْرِمُ الْفَلَّاحِيْنَ	(۱) نَرْجُوْا الْخَيْرَ لِلْفَلَّاحِيْنَ
کسانوں نے نفع کمایا	ہم کسانوں کی عزت کرتے ہیں	ہم کسانوں کی بھلائی کی امید رکھتے ہیں
(۲) نَجَحَ الْمُجْتَهِدُوْنَ	(۲) نُحِبُّ الْمُجْتَهِدِيْنَ	(۲) نُثْنِيْ عَلَى الْمُجْتَهِدِيْنَ
محنتی لوگ کامیاب ہوئے	ہم محنت کرنے والوں سے محبت کرتے ہیں	ہم محنت کرنے والوں کی تعریف کرتے ہیں
(۳) حَضَرَ الْمُسَافِرُوْنَ	(۳) نُوَدِّعُ الْمُسَافِرِيْنَ	(۳) نُسَلِّمُ عَلَى الْمُسَافِرِيْنَ
مسافر لوگ حاضر ہوئے	ہم مسافروں کو الوداع کرتے ہیں	ہم مسافروں کو سلام کرتے ہیں
(۴) تَعِبَ اللَّاعِبُوْنَ	(۴) نُشَجِّعُ اللَّاعِبِيْنَ	(۴) نَنْظُرُ اِلَى اللَّاعِبِيْنَ
کھلاڑی تھک گئے	ہم کھلاڑیوں کا حوصلہ بڑھاتے ہیں	ہم کھلاڑیوں کی طرف دیکھتے ہیں۔

اَلْبَحْثُ (تحقیق)

اُنْظُرْ اِلَى الْكَلِمَاتِ الْاَخِيْرَةِ فِي الْاَمْثِلَةِ السَّابِقَةِ، تَجِدُ كُلًّا مِّنْهَا

جَمْعَ مُذَكَّرٍ سَالِمًا وَتَجِدُهَا فِي الْقِسْمِ الْأَوَّلِ مَرْفُوْعَةً لِأَنَّ كُلاًّ مِنْهَا يَقَعُ فَاعِلاً وَفِي الْقِسْمِ الثَّانِي مَنْصُوبَةً۔ لِأَنَّ كُلًّا مِنْهَا يَقَعُ مَفْعُوْلاً بِهِ وَفِي الْقِسْمِ الثَّالِثِ مَجْرُوْرَةً لِأَنَّ كُلاًّ مِّنْهَا مَسْبُوْقٌ بِحَرْفِ جَرٍّ، وَإِذَا بَحَثْنَا عَنْ عَلَامَاتِ الرَّفْعِ وَالنَّصْبِ وَالْجَرِّ فِيهَا لَمْ نَجِدْ لِلْعَلَامَاتِ الْأَصْلِيَةِ أَثَرًا، وَلٰكِنَّا نَجِدُ أَنَّ كُلَّ كَلِمَةٍ من هٰذِهِ الْكَلِمَاتِ تَنْتَهِي بِزِيَادَةٍ فِي آخِرِ هَا وَإِنَّهَا فِي حَالَةِ الرَّفْعِ تَنْتَهِي بِوَاوٍ وَنُونٍ وَفِي حَالَتَي النَّصَبِ وَالْجَرِّ تَنْتَهِي بِيَاءٍ وَنُوْنٍ وَمِنْ ذَالِكَ نَحْكُمُ أَنَّ الْوَاوَ هِيَ عَلَامَةُ الْإِعْرَابِ فِي حَالَةِ الرَّفْعِ، وَالْيَاءَ هِيَ عَلَامَتُهُ فِي حَالَتَي النَّصَبِ وَالْجَرِّ۔

آپ گزشتہ مثالوں میں آخری کلمات کے اندر غور کریں تو آپ ان میں سے ہر ایک کو جمع مذکر سالم پائیں گے اور پہلی قسم میں ان کو مرفوع پائیں گے اس لیے کہ ان میں سے ہر ایک فاعل واقع ہو رہا ہے اور دوسری میں منصوب اس لیے کہ ان میں سے ہر ایک مفعول بہ واقع ہو رہا ہے اور تیسری قسم میں مجرور اس لیے ان میں سے ہر ایک کا حرف جر کے بعد واقع ہے اور جب ہم رفع ،نصب اور جر کی علامات کے بارے میں گفتگو کرتے ہیں تو ہم اصلی علامات کا کوئی اثر (نشان) نہیں پائے۔لیکن ہم ان میں سے ہر ایک میں سے بات پاتے ہیں ان کلمات میں سے ہر ایک کلمہ کا آخر زیادتی کے ساتھ ختم ہوتا ہے اور حالت رفع میں واو اور نون پر ختم ہوتا ہے اور حالت نصب اور جر دونوں میں یاء اور نون پر ختم ہوتا ہے اس وجہ سے ہم یہ حکم لگاتے ہیں کہ حالت رفع میں اعراب کی علامت واو ہے اور حالت نصب و جر میں اعراب کی علامت یاء ہے۔

القاعدہ: قاعدہ

جَمْعُ الْمُذَكَّرِ السَّالِمُ يُرْفَعُ بِالْوَاوِ وَيُنْصَبُ وَيُجَرُّ بِالْيَاءِ

جمع مذکر سالم کو رفع واؤ کے ساتھ دیا جاتا ہے اور نصب اور یاء کے ساتھ دیا جاتا ہے۔

تمرینات (مشقیں)

التمرين ۱ (مشق نمبر۱)

عَيِّنْ جَمْعَ الْمُذَكَّرِ السَّالِمَ الْمَرْفُوْعَ وَالْمَنْصُوْبَ وَالْمَجْرُوْرَ فِي الْعِبَارَاتِ الْآتِيَةِ، وَبَيِّنِ السَّبَبَ وَعَلَامَةَ الْإِعْرَابِ فِي كُلٍّ۔

آنے والی عبارت میں سے جمع مذکر سالم مرفوع، منصوب اور مجرور کی تعیین کریں اور ہر ایک میں اعراب کی علامت اور سبب بیان کریں۔

(۱) يَبْتَهِجُ الْمِصْرِيُّوْنَ لِارْتِفَاعِ أَثْمَانِ الْقُطْنِ

(۲) لَمْ يَعْفُ الْأُسْتَاذُ عَنِ التَّلَامِيْذِ الْمُقَصِّرِيْنَ

(۳) حَكَمَ الْقَاضِيْ بِالسِّجْنِ عَلَى الْمُجْرِمِيْنَ

(۴) يَفُوْزُ الرِّجَالُ الْعَامِلُوْنَ

(۵) لَا تُصْغِ إِلَى الْكَاذِبِيْنَ

(٦) كَانَ التَّلَامِيْذُ مُنْتَبِهِيْنَ

حل: جمع مذکر سالم کے کلمات

(۱) اَلْمِصْرِيُّوْنَ: فاعل ہونے کی وجہ سے مرفوع ہے اور رفع کی علامت واؤ ہے۔

(۲) اَلْمُقَصِّرِيْنَ: صفت ہونے کی وجہ سے مجرور ہے اور اس کے جر کی علامت یاء ہے۔

(۳) اَلْمُجْرِمِيْنَ: مجرور ہے حرفِ جر کی وجہ سے اور جر کی علامت یاء ہے۔

(۴) اَلْعَامِلُوْنَ: صفت ہونے کی وجہ سے مرفوع اور رفع کی علامت واؤ ہے۔

(۵) اَلْكَاذِبِيْنَ: مجرور ہے حرف جر کی وجہ سے اور جر کی علامت یاء ہے۔

(٦) مُنْتَبِهِيْنَ منصوب ہے کہ كَانَ کی خبر ہونیکی وجہ سے اور نصب کی علامت یاء ہے۔

التمرين ۲ (مشق نمبر۲)

اِجْمَعِ الْكَلِمَاتِ الْآتِيَةَ جَمْعَ مُذَكَّرٍ سَالِمًا، وَضَعْهَا بَعْدَ الْجَمْعِ فِي

جُمْلَةٍ مُفِيْدَةٍ

آنے والے کلمات کی جمع مذکر سالم بنائیے اور جمع بنانے کے بعد ان کو جملہ مفید میں استعمال کیجئے۔

البائع، المجهتد، النجار، الصياد، السارق، الحارس

حل: مفردات سے جمع مذکر سالم

البائِعُوْن، اَلْمُجتَهِدُوْنَ، النَّجَارُوْنَ، الصَّيادُوْنَ، السَارِقُوْنَ، اَلْحَارِسُوْنَ

(۱) ذَهَبَ الْبَائِعُوْنَ اِلَى السُوْقِ (۲) نَجَحَ الْمُجْتَهِدُوْنَ
(۳) قَطَعَ النَّجَارُوْنَ اَلْخَشَبَةَ (۴) رَمَى الصَّيَّادُوْنَ الشَّبْكَةَ
(۵) هَرَبَ السَّارِقُوْنَ اِلَى الْحُقُوْلِ (۶) نَامَ الْحَارِسُوْنَ فِي اللَّيْلِ

التمرين ۳ (مشق نمبر ۳)

اِجْمعِ الْكَلِمَاتِ الآتِيَةِ جَمْعَ مُذَكَّرٍ سَالِمًا وَضَعْهَا بَعْدَ الجَمْعِ فِي جُمَلٍ مُفِيْدَةٍ بِحَيْثُ يَكُوْنُ كُلٌّ مِنهَا مَرَّةً مُبْتَدَاءً وَمَرَّةً اِسْمًا لِاَنَّ وَمَرَّةً خَبَرًا لِلَعَلَّ وَمَرَّةً مَفْعُوْلاً بِهٖ۔

آنے والے کلمات کی جمع مذکر سالم بنائیے اور جمع بنانے کے بعد ان کو جملہ مفیدہ میں رکھیں۔ اس حیثیت سے کہ ان میں سے ہر ایک. ایک مرتبہ مبتداء اور دوسری مرتبہ اَنَّ کا اسم اور تیسری مرتبہ لعلَّ کا اسم اور چوتھی مرتبہ مفعول بہ واقع ہو۔

السابق، محمد، المعلم، الزائر، المصور، الخباز

حل: مفردات کی جمع مذکر سالم

السابقون، مُحَمَّدُوْنَ، المعلمون، الزائرون، المصورون، الخبازون

(۱) السَّابِقُوْنَ هُمُ الْمُجْتَهِدُوْن فِي اللَيْلِ وَالنَهَارِ
اِنَّ السَّابِقِيْنَ فَائِزُوْنَ

لَعَلَّ السَّابِقِيْنَ حَاضِرُوْنَ
هَلْ رَأَيْتَ السَّابِقِيْنَ مُجْتَهِدِيْنَ فِي عَمَلِهِمْ

(۲) اَلْمُحَمَّدُوْنَ يُحْسِنُوْنَ اِلَى النَّاسِ
اِنَّ الْمُحَمَّدِيْنَ يَمْتَازُوْنَ بِاَعْمَالِهِمْ
لَعَلَّ الْمُحَمَّدُوْنَ حَاضِرُوْنَ فِي الْمَسْجِدِ
حَسِبْتُ الْمُحَمَّدِيْنَ سَابِقِيْنَ

(۳) اَلْمُعَلِّمُوْنَ خَادِمُوْ النَّاسِ
اِنَّ الْمُعَلِّمِيْنَ صَادِقُوْنَ فِي اَقْوَالِهِمْ
لَعَلَّ الْمُعَلِّمِيْنَ مَوْجُوْدُوْن فِي الْمَدْرَسَةِ
رَأَيْتُ الْمُعَلِّمِيْنَ كَانُوْا يُعَلِّمُوْنَ الطُّلَّابَ

(۴) اَلزَّائِرُوْنَ يُسَافِرُوْنَ فِي السَّنَةِ الْآتِيَةِ
اِنَّ الزَّائِرِيْنَ مُشْتَاقُوْنَ لِزِيَارَةِ الْمَدِيْنَةِ الْمُنَوَّرَةِ
لَعَلَّ الزَّائِرِيْنَ لَايُرِيْدُوْنَ اِلٰى اَهْرَامِ الْمِصْرِ
رَأَيْتُ الزَّائِرِيْنَ يَتَحَادَثُوْنَ عَنْ سَفَرِهِمْ

(۵) اَلْمُصَوِّرُوْنَ يَحْفَظُوْنَ التَّارِيْخَ
اِنَّ الْمُصَوِّرِيْنَ مُكْرَمُوْنَ عِنْدَ النَّاسِ
لَعَلَّ الْمُصَوِّرِيْنَ يَخْدِمُوْنَ الْقَوْمَ
رَأَيْتُ الْمُصَوِّرِيْنَ قَاعِدِيْنَ فِي الْمَكْتَبِ

(۶) اَلْخَبَّازُوْنَ خَادِمُوْ الْقَوْمِ — اِنَّ الْخَبَّازِيْنَ يُسْرِعُوْنَ عَمَلِهِمْ
لَعَلَّ الْخَبَّازِيْنَ مَوْجُوْدُوْنَ — رَأَيْتُ الْخَبَّازِيْنَ فِي الْمَطْعَمِ

التمرين ۴ (مشق نمبر۴)

(۱) اِيْتِ بِجُمْلَتَيْنِ فِعْلِيَّتَيْنِ الْفَاعِلُ فِي كُلٍّ مِنْهَا جَمْعُ مُذَكَّرٍ سَالِمٌ
دو جملے فعلیہ ایسے بنائیے کہ ان میں سے ہر ایک فاعل جمع مذکر سالم ہو۔

حَرَثَ الْفَلَاحُوْنَ اَرْضَهُمْ　　رَمَى الصَّيَّادُوْنَ شَبَكَتَهُمْ

(۲) اِيْتِ بِجُمْلَتَيْنِ فِعْلِيَّتَيْنِ اَلْمَفْعُوْلُ بِهٖ فِيْ كُلٍّ مِنْهَا جَمْعُ مُذَكَّرٍ سَالِمٌ

دو جملے ایسے بنایئے کہ ان میں سے ہرایک میں مفعول بہ جمع مذکر سالم ہو۔

رَاَيْتُ السَّارِقِيْنَ فِي السُّوْقِ　　ضَرَبَ الشُّرْطِيُّ السَّارِقِيْنَ

(۳) اِيْتِ بِجُمْلَتَيْنِ اِسْمِيَّتَيْنِ اَلْمُبْتَدَاءُ وَالْخَبَرُ فِيْ كُلٍّ مِنْهُمَا جَمْعًا مُذَكَّرٍ سَالِمَانِ

دو جملے اسمیہ ایسے بنائیں کہ ان مبتدااور خبر جمع مذکر سالم ہو۔

اَلْمُعَلِّمُوْنَ قَاعِدُوْنَ عَلَى الْفِرَاشِ　　اَلْمُسَافِرُوْنَ ذَاهِبُوْنَ اِلَى الْقِطَارِ

(۴) اِيْتِ بِجُمْلَتَيْنِ اِسْمِيَّتَيْنِ اِسْمَ لَيْتَ فِيْ كُلٍّ مِنْهُمَا جَمْعُ مُذَكَّرٍ سَالِمٍ

دو جملے اسمیہ ایسے بنایئے کہ ان میں ایک اسم لَيْتَ کا اسم ہے اور دونوں جمع مذکر سالم ہو۔

حل:

(۱) لَيْتَ الْمُسْلِمِيْنَ حَاكِمُوْنَ

لَيْتَ الْعَالِمِيْنَ عَامِلُوْنَ بِعِلْمِهِمْ

التمرين ۵ (مشق نمبر۵)

فَكِّرْ فِيْ طَوَائِفِ الصُّنَّاعِ الْمُخْتَلِفِيْنَ الَّذِيْنَ يَشْتَرِكُوْنَ فِيْ اِقَامَةِ بَيْتٍ وَاِتْمَامِهٖ ثُمَّ اجْمَعْ اَفْرَادَ كُلِّ طَائِفَةٍ جَمْعَ مُذَكَّرٍ سَالِمًا۔ وَضَعْهُ فِيْ عِبَارَةٍ تَشْرَحُ الْعَمَلَ الَّذِيْ تَقُوْمُ بِهٖ هٰذِهِ الطَّائِفَةُ فِيْ هٰذَا الْبَيْتِ۔

مختلف قسم کے کاریگروں کی جماعت کے بارے میں سوچیں جوایک مکان کے بنانے اور مکمل کرنے میں شریک ہوتے ہیں پھران میں ہرایک کی جمع مذکر سالم بنایئے اور ان کوایک ایسی عبارت میں رکھیں کہ جس میں ایسے کام کا ذکر ہو کہ اس کام کی وجہ سے یہ جماعت گھر میں موجود ہو۔

حل:

اِجْتَمَعَ الْمُهَنْدِسُوْنَ وَاخْتَارُوْ اَرْضًا لِبِنَاءِ الْفُنْدُقِ فَامَرُوْا الْبَنَائِيْنَ بِالتَّحَدِّ۔ حَضَرَ الْبَنَّاؤُوْنَ مَعَ الْعَامِلِيْنَ وَلْحَامِلِيْنَ ثُمَّ بَنُوْا الْقَوَاعِدَ لِلْجُدْرَانِ وَرَفَعُوْا الْجُدْرَانَ عَلَى الْقَوَاعِدِ ثُمَّ وَضَعُوْا السَّقْفَ وَحَضَرُ النَّجَارُوْنَ مَعَ الآتِهِمْ وَصَنَعُوْا اَبْوَابًا وَشَبَابِيْكَ وَالنَّوَافِذَ كَذٰلِكَ بَنُوْا هٰؤُلَآءِ الْعَامِلُوْنَ الْفُنْدُقَ الَّذِيْ يَفْرَحُ النَاظِرُوْنَ كُلَّمَا نَظَرُوْا اِلَيْهِ۔

التمرين ۲ (مشق نمبر۲)

(ا) نموذج: نمونه

(۱) اَلسَّائِحُوْنَ كَثِيْرُوْنَ

السائحون: مبتداء مرفوع ہے ضمہ اس کا واؤ کے ساتھ جمع مذکر سالم ہونے کی وجہ۔

كَثِيْرُوْنَ: خبر مرفوع بالواؤ لِاَنَّهٗ جمع مذكر سالم

كَثِيْرُوْنَ: خبر مرفوع ہے بفتح واؤ کے ساتھ اس لئے وہ جمع مذکر سالم۔

(۲) يَرْضَى اللّٰهُ عَنِ الْمُحْسِنِيْنَ

يَرْضَى: فعل مضارع مرفوع، بالضمہ مقدرۃ علی الالف

اللّٰهُ: فَاعِلٌ مَرْفُوْعٌ بِالضَمَةِ

اللّٰهُ: فاعل مرفوع رفع ضمہ کے ساتھ ہے۔

عَنْ: حَرْفُ جَرٍّ مَبْنِيٌّ عَلَى السَّكُوْنِ

عَنْ: حرف جار ہے مبنی بر سکون

الْمُحْسِنِيْنَ: مَجْرُوْرٌ بِعَنْ وَعَلَامَةُ جَرِّهِ الْيَاءُ لِاَنَّهٗ جَمْعُ مُذَكَّرٍ سَالِمٌ

الْمُحْسِنِيْنَ: عن کی وجہ سے مجرور ہے جر کی علامت یاء ہے اس لئے کہ وہ جمع مذکر سالم ہے۔

(ب)

اَعْرِبِ الْجُمَلَ الآتِيَةَ

آنے والے جملوں کا اعراب بتائیں۔

(۱) تُحِبُّ مِصْرُ الْاَبناءَ الْعَامِلِيْنَ

(۲) اَمْسَى الْفائِزُوْنَ مَسْرُوْرِيْنَ

(۳) يَحْتَاجُ الْوَطَنُ اِلَى الْمُخلِصِيْنَ

حل:

(۱) تُحِبُّ: فعل مضارع مرفوع ہے ضمہ لفظی کے ساتھ۔ مصر: فاعل مرفوع ضمہ لفظی کے ساتھ۔ الابناء: مفعول بہ منصوب برفتحہ موصوف العاملین منصوب ہے۔ صفت ہونے کی وجہ نصب یاء کے ساتھ ہے۔

(۲) اَمْسَى: فعل ماضی ناقص یائی ہے مبنی بہ فتحہ ہے۔

اَلْفائِزُوْن: اسم مرفوع بالواؤ ہے، اَمسٰی کا (جمع مذکر سالم ہے)

مَسْرُوْرِيْنَ: اَمْسَى کی خبر ہے منصوب ہے نصب یاء کے ساتھ ہے (جمع مذکر سالم)

(۳) يَحْتَاجُ: فعل مضارع مرفوع ہے رفع ضمہ کے ساتھ ہے۔

اَلْوَطَنُ: فاعل مرفوع ہے رفع ضمہ کے ساتھ ہے۔

اِلٰی: حرف جار ہے مبنی برفتحہ ہے۔

اَلْمُخلِصِيْنَ: مجرور ہے حرف جار کی وجہ سے۔ جر یاء کے ساتھ ہے جمع مذکر سالم ہونے کی وجہ سے

(۱)اِعْرَابُ جَمْعِ الْمُذَكَّرِ السَّالِمِ

اَلْاَمْثِلَةِ (مثالیں)

(۱)بَاضَتِ الدُّجَاجَاتُ	(۱)ذَبَحْتُ الدُّجَاجَاتِ	(۱)هَجَمَ الثَّعْلَبُ عَلَى الدَّجَاجَاتِ
مرغیوں نے انڈے دیے	میں نے مرغیاں ذبح کیں	لومڑی نے مرغیوں پر حملہ کیا
(۲) حَضَرَتِ الْفَاطِمَاتُ	(۲) مَدَحْتُ الْفَاطِمَاتِ	(۲) شَكَرْتُ لِلْفَاطِمَاتِ
دودھ چھڑانے والی عورتیں حاضر ہوئیں	میں نے دودھ چھڑانے والی عورتوں کی تعریف کی	میں نے دودھ چھڑانے والی عورتوں کا شکریہ ادا کیا
(۳) اَكَلَتِ الْبَقَرَاتُ	(۳) حَلَبْتُ الْبَقَرَاتِ	(۳) جَلَسْتُ بَعِيْدًا عَنِ الْبَقَرَاتِ
گائیوں نے کھایا	میں نے گائیوں کا دودھ دوہا	میں گائیوں سے دور بیٹھا
(۴)نَمَتِ الشَّجَرَاتُ	(۴)سَقَيْتُ الشَّجَرَاتِ	(۴)ذَهَبْتُ اِلَى الشَّجَرَاتِ
درخت اگے	میں نے دختوں کو سیراب کیا	میں درختوں کی طرف گیا

اَلْبَحْثُ (تحقیق)

اُنْظُرْ اِلَى الْكَلِمَاتِ الْاَخِيْرَةِ فِى الْاَمْثِلَةِ السَّابِقَةِ، تَجِدُ كُلاًّ مِنْهَا جَمْعَ مُؤَنَّثٍ سَالِمًا وَتَجِدُهَا فِى الْقِسْمِ الْاَوَّلِ مَرْفُوْعَةً لِاَنَّ كُلاًّ

مِنهَا يَقَعُ فَاعِلاً وَفِي الْقِسْمِ الثانِي مَنْصُوبَةً لِاَنَّ كُلًا مِنهَا يَقَعُ مَفْعُوْلاً بِهِ وَفِي الْقِسْمِ الثَالِثِ مَجْرُوْرَةً لِاَنَّ كُلاً مِنهَا مَسْبُوْقٌ بِحَرْفِ جَرٍ، وَاِذَا بَحَثْنَا عَنْ عَلَامَاتِ الْاِعْرَابِ فِيْهَا، وَجَدْنَا هَا جَارِيَةً عَلَى الْاَصْلِ فِي الْقِسْمَيْنِ۔ الْاَوَّلُ وَالثَالِثُ، لِاَنَّهَا فِي الْقِسْمِ الْاَوَّلِ مَرْفُوعَةٌ بِالضَمةِ، وَفِي الْقِسْمِ الثَالِثِ مَجْرُورَةٌ بِالْكَسْرِ۔ اَمَا فِي الْقِسْمِ الثَانِي حَيْثُ تَقَعُ كُلُّ كَلِمَةٍ مِنهَا مَفْعُوْلاً بِهِ، فَاِنَّا لاَ نَجِدُ اَثَرًا لِلْفَتْحَةِ، وَاِنَّمَا نَجِدُ آخِرَ كُلٍّ مِنهَا مَكْسُوْرًا وَاِذًا لاَبُدَّ اَنْ تَكُوْنَ الْكَسْرَةُ نَائِبَةً عَنِ الْفَتْحَةِ فِي حَالَةِ النَصَبِ۔

تو گزشتہ مثالوں میں آخری کلمات کے اندر غور کرے تو ہر ایک کو جمع مؤنث سالم پائے گا اور ان کو پہلی قسم میں مرفوع پائے گا اس لیے کہ ان میں سے ہر ایک فاعل واقع ہو رہا ہے اور دوسری قسم میں منصوب پائے گا کیونکہ ان میں سے ہر ایک مفعول بہ واقع ہو رہا ہے اور تیسری قسم میں مجرور پائے گا اس لئے کہ ان میں سے ہر ایک حرف جر کے بعد واقع ہے۔ جب ہم ان میں اعراب کی علامات سے متعلق بات کرتے ہیں تو ہم ان کو دو قسموں میں اپنی اصل حالت پر پاتے ہیں۔ یعنی پہلی اور تیسری قسم۔ اس لئے کہ پہلی قسم میں مرفوع ضمہ کے ساتھ اور تیسری قسم میں مجرور ہے کسرہ کیساتھ بہر حال دوسری قسم میں اس حیثیت سے ہر کلمہ ان میں مفعول بہ واقع ہو رہا ہے۔ پس ہم ان میں فتحہ کا کوئی اثر نہیں پاتے سوائے اس کے ان میں سے ہر ایک کا آخر مکسور ہے اور اس وقت ضروری ہے کہ حالت نصب میں کسرہ فتحہ کا نائب ہو۔

اَلْقَاعِدَةُ (قاعدہ):

جَمْعُ الْمُؤَنَّثِ السَّالِمُ يُرْفَعُ بِالضَّمَّةِ ، وَيُنْصَبُ وَيُجَرُّ بِالْكُسْرَةِ

جمع مؤنث سالم کو رفع دیا جاتا ہے ضمہ کے ساتھ اور نصب اور جر دیا جاتا ہے کسرہ کے ساتھ۔

تمرینات (مشقیں)

التمرین ا (مشق نمبر ا)

عَيِّنْ جَمْعَ الْمُؤَنَّثِ السَّالِمُ الْمَرْفُوْعَ وَالْمَنْصُوْبَ وَالْمَجْرُوْرَ فِي الْعِبَارَاتِ الْآتِيَةِ، وَبَيِّنِ السَّبَبَ وعَلَامَةَ الْإِعْرَابِ فِي كُلٍّ۔

آنے والی عبارت میں سے جمع مؤنث سالم مرفوع، منصوب اور مجرور کی تعیین کریں اور ہرایک میں اعراب کی علامت اور سبب بیان کریں۔

(۱) اِيْنَعَتِ الثَّمَرَاتُ — پھل پک گئے

(۲) لَعَلَّ الْفَتَيَاتِ مُجِدَّاتٌ — شاید کہ نوجوان عورتیں

(۳) اَلْبَطَّاتُ سَابِحَاتٌ — بطخیں تیرتی ہیں۔

(۴) اَلْبَنَاتُ يَعْطِفْنَ عَلَى الْبَائِسَاتِ — لڑکیاں حاجتمند عورتوں پر مہربانی کرتی ہیں۔

(۵) نَعْتَمِدُ عَلَى الْاُمَّهَاتِ — ہم ماؤں پر اعتماد کرتے ہیں۔

(۶) نَحْتَرِمُ النِّسَآءَ الْفُضْلَيَاتِ — ہم فاضل عورتوں کا احترام کرتے ہیں۔

(۷) يَلْعَبُ الْغِلْمَانُ بِالْكُرَاتِ — لڑکے گیندوں کے ساتھ کھیلتے ہیں۔

(۸) اَلْخَيْلُ تَجُرُّ الْعَجَلَاتِ — گھوڑے رہٹ کھینچتے ہیں۔

حل: جمع مؤنث سالم کی مرفوع، منصوب اور مجرور کے لحاظ سے تعیین

مرفوع:

الثَمَرَاتُ: فاعل ہونے کی وجہ سے مرفوع رفع ضمہ کے ساتھ ہے

مجداتٌ: لعل کی خبر ہونے کی وجہ مرفوع رفع ضمہ کے ساتھ ہے۔

سابحاتٌ: مبتداء ہونے کی وجہ سے مرفوع ہے رفع ضمہ کے ساتھ ہے۔

منصوب:

الفتیاتِ: منصوب ہے لعل کا اسم ہونے کی وجہ سے نصب کرنا تابع ہے۔

الفضلیاتِ: مفعول بہ ہے منصوب ہے، نصب کرنے کے تابع ہے۔

العجلاتِ: منصوب ہے مفعول بہ ہونے کی وجہ سے نصب کسرہ کے تابع ہے۔
الْبَائِسَاتُ: مجرور ہے حرف جر کی وجہ سے
الْاُمَّهَاتِ: مجرور ہے حرف جر علیٰ کی وجہ سے۔
الکراتِ: مجرور ہے حرف جر ب کی وجہ سے۔

التمرين ۲ (مشق نمبر۲)

اِجْمَعِ الْكَلِمَاتِ الْاٰتِيَةَ جَمْعَ مؤَنَّثٍ سَالِمًا، وَضَعْهَا بَعْدَ الْجَمْعِ فِي جُمْلَةٍ مُفِيْدَةٍ

آنے والے کلمات کی جمع مؤنث بنایئے اور جمع بنانے کے بعد ان کو جملہ مفیدہ میں استعمال کریں۔

الآنسةُ، زينب، الوردة، العاقلة، الكمة، الراية، السمكة، الساعة

حل: مفردات کی جمع:

الآنِسَاتُ زَيْنَبَاتٌ، اَلْوَرْدَاتُ، اَلْكَلِمَاتٌ، اَلرَّايَاتُ، اَلسَمَكَاتُ، اَلسَّاعَاتُ

جملے:

جَاءَتِ الْآنِسَاتُ فِي بَيْتِنَا۔ دَخَلَتُ الزَيْنَبَاتُ فِي الْمَدرَسَةِ
اِشْتَرَيْتُ الْوَرْدَاتِ مِنَ السُوْقِ الْبَنَاتُ عَاقِلَاتٌ
حَفِظَتُ كَلِمَاتٍ طَيِّبَاتٍ رَفَعَ الْجُنْدِىُ رَايَاتِ الْاَمَنِ
رَاَيْتُ فِي الْبَحْرِ سَمَكَاتٍ مُخْتَلِفَةٍ اِشْتَرَيْتُ سَاعَاتٍ مَخْتَلِفَةٍ

التمرين ۳ (مشق نمبر۳)

اِجْمعِ الْكَلِمَاتِ الآتِيَةَ جَمْعَ مؤنَثٍ سَالِمًا وَضَعْهَا بَعْدَ الجَمْعِ فِي جُمَلٍ مُفِيْدَةٍ بِحَيْثُ يَكُوْنُ كُلٌ مِنهَا مَرَّةً فَاعِلاً، وَمَرَّةً مُبْتَدَاءً، وَ مَرَّةً مَجْرُوْرًا بِحَرْفِ جرٍ، وَمَرةً مَفْعُوْلاً بِهٖ۔

آنے والے کلمات کی جمع مؤنث سالم بنائیے اور جمع بنانے کے بعد ان کو جملہ مفیدہ میں اس طرح استعمال کریں ان میں سے ہر ایک پہلی مرتبہ فاعل، دوسری مرتبہ مبتداء تیسری مرتبہ مجرور ہو حرف جر کی وجہ سے اور آخری مرتبہ مفعول بہ ہو۔

السَّيَارَةُ، الْحُجْرَةُ، النَافِذَةُ، الْمِكْنَسَةُ، التُفَاحَةُ

حل: دیئے گئے مفردات کی جمع مؤنث سالم

السيارات، الحجرات، النَافِذَات، المكْنَسَات، التفاحَات

جمع مؤنث کے کلمات کا جملوں میں استعمال

(۱) جَرَتِ السَّيَارَاتُ بِسُرْعَةٍ فِي الْمُسَابَقَةِ

السَّيَارَاتُ الْجَدِيْدَةُ غَالِيَاتٌ

يُسَافِرُ النَّاسُ فِي هٰذِهِ لَايَامِ بِالسَّيَّارَاتِ

رَأَيْتُ السَّيَارَاتِ الْكَثِيْرَةَ فِي بَلَدِكُمْ

اِنْهَدَمَتِ الْحُجُرَاتُ الْقَدِيْمَةُ

اَلْحُجُرَاتُ الْجَدِيْدَةُ غَالِيَةٌ

اِكْتَرَيْتُ الْحُجُرَاتِ فِي بَلَدِكُمْ

نَحْنُ نَسْكُنُ فِي حُجُرَاتِ اَبِيْكُمْ

تُجَدِّدُ النَافِذَاتُ الْحُجْرَةَ بِالْهَوَآءِ

اَلنَافِذَاتُ مَفْتُوحَةٌ

بَنَى الْمِعْمَارُ نَافِذَاتٍ كَبِيْرَةٍ

اَلْهَوَاءُ يَجْرِي فِي النَافِذَاتِ

تنْظف المِكْنَسَاتُ الْبَيْتَ

المِكْنَسَاتُ رَخِيْعَةُ الثَمَنِ

تنظِّفُ الْبُيُوتُ بِالمِكْنَسَاتِ

اِشْتَرَتْ هِنْدَةٌ الْمِكْنَسَاتِ مِنَ السُوقِ

اَفْرَحَتِ التُفَاحَاتُ الْقُلُوبَ

اَلتُّفَاحَاتُ غَالِيَةٌ فِي الْيَمَنِ

دَعَوْتُ صَدِيْقِي لِلتفَاحَاتِ

اَخَذْتُ فِي يَدِىْ تَفَاحَاتِ

التمرين ۴ (مشق نمبر۴)

(۱) اِیْتِ بِجُمْلَتَیْنِ فِعْلِیَتَیْنِ الْمَفْعُوْلُ بِهٖ فِی کُلِّ مِنْهَا جَمْعُ مُؤَنَّثٍ سَالِمٌ

دو جملے فعلیہ ایسے بنایئے کہ ان میں سے ہر ایک میں جمع مؤنث سالم ہو۔

بَاعَ خَالِدٌ سَاعَاتٍ رَخِیْصَةً   رَأَیْتُ السَّیَّارَاتِ الْجَدِیْدَةَ

(۲) اِیْتِ بِجُمْلَتَیْنِ فِعْلِیَتَیْنِ الْفَاعِلُ بِهٖ فِی کُلِّ مِنْهَا جَمْعُ مُؤنَثٍ سَالِمٌ

دو جملے ایسے بنایئے کہ ان میں سے میں فاعل جمع مؤنث سالم ہو۔

جَاءَتِ الطَّالِبَاتُ فِی بَیْتِنَا   صَبَرَتْ مُؤمِنَاتٌ قَانِتَاتٌ

(۳) اِیْتِ بِجُمْلَیْنِ اِسْمِیَتَیْنِ اَلْمُبْتَداءُ فِی کُلِّ مِنْهَا جَمْعُ مؤنَثٍ سَالِمٌ

دو جملے اسمیہ ایسے بنایئے کہ ان میں مبتدا جمع مؤنث سالم ہو۔

اَلْاُمَّهَاتُ یُرَبِّیْنَ اَوْلَا دَهُنَّ   اَلْکَلِمَاتُ الطَّیِّبَاتُ تُؤثِرُ فِی النُفُوسِ

(۴) اِیْتِ بِجُمْلَتَیْنِ اِسْمِیَتَیْنِ اِسْمُ اَنَّ فِی کُلِّ مِنْهُمَا جَمْعُ مُذَکَرٍ سَالِمٌ

دو جملے اسمیہ ایسے بنایئے کہ ان میں ان کا اسم جمع مؤنث سالم ہو۔

اِنَّ الطَّالِبَاتَ دَخَلْنَ فِی الْمَدْرَسَةِ   اِنَّ التُفَاحَاتِ غَالِیَةٌ

التمرين ۵ (مشق نمبر۵)

فَکِّرْ فِی اَسْمَاءِ کُلِ مَا تَرَاهُ فِی حَدِیْقَةٍ مِنْ اَشْجَارٍ وَاَزْهَارٍ وَاَثْمَارٍ، وَاجْمَعْ کُلَّ اِسْمٍ مَاتَرَاهُ مَخْتُومٌ بِالتَاءِ مِنْهَا جَمْعُ مؤنثٍ سَالِمٌ

باغ میں موجود درختوں، پھولوں اور پھلوں میں سے ہر ایک نام میں جو دیکھتا ہے۔ غور کر اور ہر ایک اسم کی جمع ایسی بنا کہ جو جمع مؤنث سالم کی تاء پر ختم ہوتا ہو۔

حل:

مَلْتَانُ بَلْدَةٌ قَدِیْمَةٌ فِیهَا حَدِیْقَاتٌ کَثِیْرَةٌ، وَلِذَایُقَالُ لَهَابَلْدَةُ الْحَدِیْقَاتِ، شَاهَدْتُ حَدِیقَةً کَبِیْرَةً فِی وَسْطِ الْبَلَدِ فِیْهَا شَجرَاتٌ مُخْتَلِفَةُ الْاَنْوَاعِ۔ بَعْضُ شَجَرَةٍ وَرَقَاتُهَا کَبِیْرَةٌ وطَوِیْلَةٌ

التمرين ٦ فِي الْإِعْرَابِ (مشق نمبر ٦ اعراب کی مشق)

(ا) نموذج: نمونه

کافأت وَ کافَا فِعْلٌ مَاضٍ مَبْنِيَ عَلَى السُّكُوْنِ وَالتَاءُ فَاعِلٌ مَبْنِيٌّ عَلَى الضَمِّ فِي مَحَلِّ رَفْعٍ

اَلْفَائِزَاتُ: مَفْعُوْلٌ بِهٖ مَنْصُوْبٌ بِالْكَسْرَةِ لِاَنَّهٗ جَمْعُ مؤنثٍ سَالِمٌ

کافاء فعل ماضی مبنی بر سکون ہے، ''ت'' فاعل مبنی بر ضم ہے محل رفع میں فائزات مفعول بہ منصوب ہے کسرہ کے ساتھ اس لئے کہ وہ جمع مؤنث سالم ہے۔

(ب) اَعْرِبِ الْجُمَلَةَ الآتِيَةَ۔

آنے والے جملوں کو اعراب دیں۔

(۱) تَمْتَلِئُ الْخِزَانَاتُ (۲) تَحْلُبُ الْمَرْأَةُ الْبَقَراتِ

(۳) شَكَرْنا لِلْمُحْسَنَاتِ

(۱) تَمْتَلِئُ: فعل مضارع مرفوع ہے اور رفع ضمہ کے ساتھ مضارع جمود الآخر ہے۔

اَلْخِزَانَاتُ: فاعل مرفوع ہے اور رفع اس کا ضمہ کے ساتھ ہے۔

(۲) تَحْلُبُ: فعل مضارع مرفوع ہے اور رفع اس کا ضمہ کے ساتھ مضارع صحیح الآخر ہے۔

اَلْمَرْأَةُ: فاعل مرفوع ہے رفع ضمہ کے ساتھ ہے۔

البَقَرَاتِ: مفعول بہ منصوب ہے نصب جر کے تابع ہے۔

(۳) شَكَرْنَا: شکر فعل ماضی مبنی بر سکون ہے اور نا فاعل ہے جلا مرفوع ہے۔

شَكَرْنَا: بشکر فعل ماضی مبنی بر سکون ہے اور فا فاعل ہے مجلًا مرفوع ہے۔

لِلْمُحْسَنَاتِ: لام حرف جر ہے۔ مبنی بر کسر ہے۔ مُحْسَنَات مجرور جمع مؤنث سالم ہے جر کسرہ کے ساتھ ہے۔

اَلْمُضَافُ وَالْمُضَافُ اِلَيْهِ

مضاف اور مضاف الیہ کا بیان

اَلْاَمْثِلَةُ (مثالیں)

(۱) لَعِبْنَا فِي فِنَاءِ الْمَدْرَسَةِ — ہم مدرسے کے صحن میں کھیلے۔
(۲) اِبْتَعِدْ عَنْ قَرِيْنِ السُّوْءِ — بدی کے ساتھی سے دور رہ۔
(۳) مَشَيْتُ عَلٰى شَاطِئِ النِّيْلِ — میں دریائے نیل کے کنارے پر چلا۔
(۴) رَكِبْتُ قِطَارَ الصَّبَاحِ — میں صبح کی گاڑی پر سوار ہوا۔
(۱) اَغْلَقْتُ مِصْرَاعَيِ الْبَابِ — میں نے دروازے دونوں کواڑ بند کر دیئے۔
(۲) غَسَلْتُ يَدَيِ الطِّفْلِ — میں نے بچے کے دونوں ہاتھ دھوئے۔
(۳) لَمَعَتْ عَيْنَا الْقِطِّ — بلی کی دونوں آنکھیں چمکیں۔
(۴) اِنْكَسَرَتْ عَجَلَتَا الدَّرَّاجَةِ — سائیکل کے دونوں پہیے ٹوٹ گئے۔
(۱) تَشْكُرُ الصُّحُفُ مُحْسِنِي الْاُمَّةِ
اخبارات نے امت کے محسنین کا شکریہ ادا کیا۔
(۲) ثَرْوَةُ مِصْرَ مِنْ زَارِعِي الْاَرْضِ
مصر کی دولت زمین کاشت کرنے والوں سے۔
(۳) اَسْرَعَ سَائِقُوْ السَّيَّارَاتِ — گاڑیوں کے ڈرائیوروں نے جلدی کی۔
(۴) جَاءَ مُعَلِّمُوْا الْمَدْرَسَةِ — مدرسے کے اساتذہ آئے۔

اَلْبَحْثُ (تحقیق)

اِذَا قُلْتَ لَعِبْنَا فِي فِنَاءٍ، كَانَ ذٰلِكَ صَحِيْحًا وَتَكُوْنُ حِيْنَئِذٍ لَمْ تُرِدْ اِنْ تبَيَّنَ لِلسَّامِعِ اَنَّ اللَّعِبَ حَصَلَ فِي فِنَاءٍ مَخْصُوْصٍ، وَلٰكِنَّكَ اِذَا قُلْتَ "لَعِبْنَا فِي فِنَاءِ الْمَدْرَسَةِ" فَقَدْ نَسَبْتَ هٰذَا الْفِنَاءَ وَاَضَفْتَهُ اِلٰى

شَیءٍ خَاصٍ۔ وَاِذَا قُلْتَ "اِبْتَعِدْ عَنِ قَرِیْنٍ" فَهِمْنَا اَنَّكَ تَطْلُبُ الْاِبْتِعَادَ عَنْ اَيِّ صَاحِبٍ وَلٰكِنَّكَ حِيْنَ تَقُوْلُ اِبْتَعِدْ عَنِ قَرِيْنِ السُّوءِ" تَنْسِبُ هٰذَا الْقَرِيْنَ اِلٰى شَيءٍ خَاصٍ وَهُوَ السُّوءُ۔ وَكَذٰلِكَ يُقَالُ فِي "شَاطِئُ النِّيْلِ وقِطَارُ الصَّبَاحِ، فَالْاَسْمَاءُ فِنَاءُ، قَرِيْنُ، شَاطِئُ نُسِبَتْ واُضِيفَتْ اِلَى الْاَسْمَآءِ الَّتِي بَعْدَهَا وَلِذَالِكَ يُسَمّٰى كُلُّ اِسْمٍ مِنَ الْاَسْمَاءِ الْاُوْلٰى مُضَافًا وَكُلُّ اِسْمٍ مِن اَسْمَاءٍ الَّتِي بَعْدَهَا مُضَافًا اِلَيْهِ۔

جب تو کہے لعبنا فی فناء تو یہ صحیح ہے اور اس وقت یہ بات ہوگی کہ تو نے ارادہ نہیں کیا اس بات کا کہ تو سننے والے کی یہ بات بیان کرے لعب فناء مخصوص میں حاصل ہوا ہے۔ لیکن جب تو کہے کہ لَعِبْنَا فِي فِنَاءِ الْمَدْرَسَةِ تو تحقیق تو نے اس صحن کو منسوب کیا اور ایک خاص چیز کی طرف مضاف کیا اور جب تو کہے "اِبْتَعِدْ عَنْ قَرِيْنٍ" پس ہم سمجھ گئے کہ تو کسی شخص سے دور رہنے کا مطالبہ کرتا ہے اور لیکن جب تو کہے ابْتَعِدْ عَنْ قَرِيْنَ السُّوْءِ تو تو نے قرین کی ایک خاص چیز کی طرف نسبت کی جو کہ سوء ہے اور اسی طرح کہا جائے شَاطِئ النيل اور قطار الصباح پس فناء، قرین، شاطی وغیرہ اسماء کو منسوب کیا گیا اور ان کی اضافت کی گئی ان کے رسواء کی طرف جو ان کے بعد میں ہیں اور اسی وجہ سے پہلے اسماء میں سے ہر ایک اسم مضاف ہے۔ اور ہر ایک اسم ان اسماء میں سے جو کہ بعد میں ہے۔ مضاف الیہ ہے۔

وَاِذَا تَاَمَّلْتَ الْاَمْثِلَةَ الْبَاقِيَةَ ظَهَرَلَكَ اَنَّ الْكَلِمَتَيْنِ الْاَخِيْرَتَيْنِ فِي كُلِّ مِثَالٍ هُمَا مُضَافٌ و مُضَافٌ اِلَيْهِ۔

اور جب باقی مثالوں میں غور وفکر کرے تو تیرے سامنے یہ بات ظاہر ہو جائے گی کہ ہر مثال کے آخر میں دو کلمے مضاف اور مضاف الیہ ہیں۔

وَبِرُجُوْعِكَ اِلَى الْاَمْثِلَةِ تَرَى اَنَّ الْمُضَافَ اِلَيْهِ مَجْرُوْرٌ فِي جَمِيْعِهَا

وَاَنَّ الْمُضَافَ فِي اَمْثِلَةِ الْقِسْمِ الثَانِي مُثَنّٰى، وَفِي اَمْثِلَةِ الْقِسْمِ الثَالِثِ جَمْعُ مُذَكَّرٍ سَالِمٌ وَاَنَّ نُوْنَ الْمُثَنّٰى وَنُوْنَ الْجَمْعِ حُذِفَتَا بَعْدَ الْاِضَافَةِ۔

اور تیرے ان مثالوں کی طرف تو غور کرنے سے تو دیکھے گا کہ بے شک مضاف الیہ تمام مثالوں میں مجرور ہے اور دوسری قسم کی مثالوں میں مضاف تثنیہ ہے اور تیسری قسم کی مثالوں میں مضاف جمع مذکر سالم ہے اور تثنیہ اور جمع کا نون حذف کر دیا گیا اضافت کے بعد۔

اَلْقَوَاعِدُ: (قواعد)

(۵۸) اَلْمُضَافُ اِسْمٌ نُسِبَ اِلٰى اِسْمٍ بَعْدَهُ، فَتَعَرَّفَ بِسَبَبِ هٰذِهِ النِسْبَةِ اَوْتَخَصَّصَ

مضاف وہ اسم ہے کہ جس کو منسوب کیا جائے ایسے اسم کی طرف جو اس کے بعد ہو پس تو نے اس نسبت کا سبب پہچان لیا اور تخصیص کر لی۔

(۵۹) اَلْمُضَافُ يُحْذَفُ تَنْوِيْنُهُ عِنْدَ الْاِضَافَةِ اِذْ كَانَ مُنَوَّنًا قَبْلَهَا وَتُحْذَفُ نُوْنُهُ اِذَا كَانَ مُثَنّٰى اَوْ جَمْعَ مُذَكَّرٍ سَالِمًا۔

مضاف وہ ہوتا ہے کہ جس کی تنوین اضافت کے وقت حذف کر لی جاتی ہے جبکہ اس سے پہلے تنوین ہو اور نون کو حذف کر دیا جاتا ہے جبکہ وہ کلمہ تثنیہ یا جمع مذکر سالم ہو۔

تمرینات (مشقیں)

التمرين ۱ (مشق نمبر ۱)

بَيِّنِ الْمُضَافَ وَالْمُضَافَ اِلَيْهِ فِي الْجُمَلِ الْآتِيَةِ۔

آنے والے جملوں میں مضاف اور مضاف الیہ کو بیان کریں۔

(۱) سُوْرُ الْحَدِيْقَةِ مُرْتَفِعٌ (۲) كِتَابُ عَلِيٍّ مُفِيْدٌ

(۳) اُذُنَا الحِصَانِ صَغِيرَتَانِ (۴) نَهْضَةُ الوَطَنِ بِرِجَالِ الاُمَّةِ

(۵) رَكِبْتُ سَيَّارَةَ حُسَيْنٍ (۶) شَاهَدْتُ هَرَمَي مِصْرَ

(۷) الحِلْمُ سَيِّدُ الاَخْلَاقِ (۸) كَثُرَ بَائِعُوا الصُّحُفِ

(۹) فَحَصَ الطَّبِيْبُ عَنْ رِئَتِي المَرِيْضِ (۱۰) شَاهَدْتُ جَمَلَ المَحْمَلِ

حل: مضاف اور مضاف الیہ کی تعیین

مضاف	مضاف الیہ	مضاف	مضاف الیہ
سُور	الحديقةِ	هرمَي	مصر
كتاب	على	سيد	الاخلاق
اذنا	الحصان	رئتي	المريض
نهضته	الوطن	جمل	المحمل
رجال	الامة		

التمرين ۲ (مشق نمبر۲)

اِجْعَلِ الْاَسْمَاءَ الآتِيَةِ مُضَافَةً اِلٰى اَسْمَاءٍ تُنَاسِبُهَا فِي جُمَلٍ مُفِيْدَةٍ۔

آنے والے اسماء کو ان کے مناسب اسماء کی طرف مضاف کر کے جملہ مفیدہ استعمال کریں۔

جُمُوح، زئير، مفتاح، جميل، سنام، شاطَان، جناحان، نابان، كتابان، خرطوم، قلمان، عقربان، مهندسون، مهاجرون، مهذبون، ذراعان، مجتهدون، ناجحون، غارقون، خادمون

حل: دیئے گئے کلمات کی اضافت اور جملوں میں استعمال:

جُمُوْحُ الْفَرَاسِ خَطِيْرٌ	كِتَابَا الطَّالِبِ فِي حَقِيْبَتِهِ
زَئِيْرُ الْاَسَدِ شَدِيْدٌ	ذِرَاعَا الطِّفْلِ ضَعِيْفَانِ
مِفْتَاحُ الْبَابِ عِنْدِيْ	قَلَمَا زَيْدٍ عَلَى الْمِنْضَدَةِ

اَلْوَلَدُ جَمِيْلُ الصُّوْرَةِ عَقْرَبَا السَّاعَةِ سَاقِطَانِ

(۱) نَزَلَ زَيْدٌ عَنْ سَنَامِ النَّاقَةِ (۲) مُهَنْدِسُوْا لُبَاكِسْتَانِ حَاذِقُوْنَ

(۳) اَلْفِيْلُ يَاخُذُ الشئَ بِخُرْطُوْمِهٖ

(۴) مُهَاجِرُ اَفْغَانِسْتَانَ اِخْوَانُ الْمُسْلِمِيْنَ فی دِيْنِهِمْ

(۵) جَنَاحَا الطَّيْرِ يَتَحَرَّكَانِ فِی الْهَوَاءِ

(۶) مُهَذَّبُوْ الْوَطَنِ فَائِزُوْنَ

(۷) نَابَا الْكَلْبِ مُكَسَّرَانِ

(۸) مُجْتَهِدُو الْقَرْيَةِ يَعْمَلُوْنَ فِی اللَّيْلِ

(۹) غَارِقُوْا الْبَحْرِ مَيِّتُوْنَ

(۱۰) خَادِمُوْ النَّاسِ مُكَرَّمُوْنَ

(۱۱) أَيْنَ شَاطِئَا الْوَادِیْ

(۱۲) نَاجِحُوْ الْمَدْرَسَةِ حَصَلُوْا عَلَى الْجَوَائِزِ

التمرين ۳ (مشق نمبر۳)

كَوِّنْ مِنَ الْاَسْمَاءِ الْآتِيَةِ مُضَافًا وَمُضَافًا اِلَيْهِ ثُمَّ ضَعْهَا فِی جُمَلٍ تَامَةٍ

آنے والے اسماء میں سے مناسب اسماء کو ایک دوسرے کی طرف مضاف کریں اور پھر ان کو جملہ مفیدہ میں استعمال کریں۔

الاسد، غصن، خياطون، تغريد، البحر، عنان، انياب، الحجرة، الكتاب، العصفور، الفرس، الانسان، قمة، الشجرة، باب، ماء، الجبل، الملابس، غلاف، عين

حل: دیئے گئے اسماء کی ایک دوسرے کی طرف اضافت اور جملوں میں استعمال:

(۱) قَطَعْتُ غُصْنَ الشَّجَرَةِ (۲) سَمِعْتُ تَغْرِيْدَ الْعُصْفُوْرِ فِی الْحَدِيْقَةِ

(۳) مَاءُ الْبَحْرِ مَالِحٌ (۴) اِشْتَرَيْتُ غِلَافَ الْكِتَابِ

(۵) بَابُ الحُجْرَةِ مَفْتُوْحٌ (۶) اَنْيَابُ الْاَسَدِ كَالْاَوْتَادِ
(۷) عِنَانُ الْفَرَسِ فِي يَدِصَاحِبِهٖ (۸) خَيَاطُوْ الْمَلَابِسِ حَاضِرُوْنَ
(۹) قُمَّةُ الْجَبَلِ عَالِيَةٌ (۱۰) عَيْنُ الْاِنْسَانِ مُبْصِرَةٌ

التمرين ۴ (مشق نمبر۴)

(۱) كَوِّنْ ثَلَاثَ جُمَلٍ اِسْمِيَةٍ يَكُوْنُ الْمُبْتَداءُ فِيْهَا مُضَافًا

تین جملے اسمیہ اس طرح سے بنایئے کہ ان میں مبتداء کلمہ مضاف ہو۔

حل:

(۱) بَيْتُ اللّٰهِ كَعْبَةٌ (۲) عَذَابُ الْقَبْرِحَقٌ، (۳) صَوْمُ رَمْضَانَ فَرْضٌ

(۲) كَوِّنْ ثَلَاثَ جُمَلٍ اِسْمِيَةٍ يَكُوْنُ الْخَبْرَ فِيْهَا مُضَافًا

تین جملے ایسے بنایئے کہ جن میں مضاف خبر ہو۔

حل:

هٰذَا وَرَقُ الْكِتَابِ اَلتَّهَجُّدُ بَهَاءُ النَهَارِ
اَلصَّدْقَةُ بَرْكَةُ الْمَالِ

(۳) كَوِّنْ ثَلَاثَ جُمَلٍ فِعْلِيَّةٍ يَكُوْنُ الْفَاعِلُ فِيْهَا مُثَنّٰى مُضَافًا

تین فعلیہ جملے اس طرح بنائیں کہ ان فاعل تثنیہ ہو اور مضاف ہو۔

حل:

جَاءَ غُلَامَا زَيْدٍ ذَهَبَ وَلَدَا بَكْرٍ اِلَى الْمَدْرَسَةِ
اِنْقَطَعَ جَنَاحَا الطَيْرِعَنْ جَسَدِهٖ

(۴) كَوِّنْ ثَلَاثَ جُمَلٍ فِعْلِيَةٍ يَكُوْنُ الْمَفْعُوْلِ به فِيْهَا جَمْعَ مَذْكرٍ سَالِمًا مُضَافًا۔

تین جملے فعلیہ اس طرح کے بنایئے کہ ان میں مفعول بہ جمع مذکر سالم مضاف

ہو رہا ہو۔

حل:

ضَرَبَ الشُّرطِيُّ سَارِقِي الْفَرَسِ رَأَيْتُ مُعَلِّمِي الطُّلَّابِ
لَقِيْتُ مُسَافِرِي الْحَجِّ

(۵) كَوِّنْ ثَلَاثَ جُمَلٍ فِعْلِيَةٍ تَشْتَمِلُ عَلٰى مُثَنًّى مَجْرُوْرٍ بِحَرْفِ جَرٍّ وَ هُوَ مُضَافٌ؟

تین جملے ایسے فعلیہ اس طرح کے بنائیے کہ جو تثنیہ مجرور بحرف جر پر مشتمل ہوں اور وہ مضاف ہو رہے ہوں۔

حل:

سَمِعْتُ الدَّرْسَ عَنْ تِلْمِيذَيِ الْأُسْتَاذِ
رَضِيْتُ بِعَامِلَيِ الْمَدْرَسَةِ فَرِرْتُ عَنْ هِرَّتَيِ زَيْدٍ۔

التمرين ۵ (مشق نمبر ۵)

(۱) كَوِّنْ جُمْلَةً يَكُوْنُ خَبَرُ لَيْسَ فِيْهَا مُضَافًا وَالْمُضَافُ اِلَيْه جَمْعَ مُذَكَّرٍ سَالِمًا

ایک جملہ ایسا بنائیے کہ جس میں مضاف اور مضاف الیہ جمع مذکر سالم ہو اور وہ لیس کی خبر ہو۔

حل:

لَيْسَ الْمُجْتَهِدُوْنَ خَادِمِي الْفَلَّاحِيْنَ کاشتکاروں کے نوکر محنتی نہیں ہیں

(۲) كَوِّنْ جُمْلَةً يَكُوْنُ خَبَرُ اِنَّ فِيهَا مُضَافًا وَالْمُضَافُ اِلَيْهِ مُثَنًّى

ایک جملہ ایسا بنائیں کہ اس میں ان کی تثنیہ کا کلمہ مضاف اور مضاف الیہ سے ہو۔

حل:

اِنَّهُمَا سَارِقَا السَّاعَتَيْنِ

بے شک وہ دونوں دو گھڑیوں کے چوری کرنے والے ہیں

اِنَّهُمَا سَارِقَا البَيْتَيْنِ بے شک وہ دونوں دو گھروں کے چور ہیں۔

التمرين ٦ تمرين فى الانشاء (مشق نمبر ٦ انشاء کی مشق)

اَجِبْ عَنِ الْاَسْئِلَةِ الآتِيَةِ بِجُمَلٍ تَامَةٍ تَشْتَمِلُ كُلٌّ مِنهَا عَلٰى مُضَافٍ وَمُضَافٍ اِلَيْهِ

(١) لِمَ يَكْثِرِ الرَمَدُ فى مِصْرَ؟

(٢) مَاالَّذِى يقَوِّى الرِّئتَيْنِ؟

(٣) ماالوَاجبُ قَبْلَ الْاَكْلِ وَبَعْدَهُ؟

(٤) مَاالَّذِى يُسَبِّبِ الْعَدْوىَ وَانِتِقَالَ الاَمْرَاضِ؟

(٥) مافَائِدَةَ الْاِلْعَاب الرِّيَاضِيَّةِ؟

(٦) ما فَايِدَةُ الْاِسْتِحْمَامِ؟

(٧) مَافَائِدَةُ التَنَزُّهِ؟

حل:

(١) كَثْرَةُ الْغُبَارِ سَبَبُ كَثْرَةِ الرَّمَدِ فِى مِصْرَ

(٢) اَلْهَوَاءُ الصَافِى سَبَبٌ لِتَقْوِيَةِ الرِّئتَيْنِ

(٣) اَلْوَاجبُ عَدْمُ شُرْبِ الْمَاءِ قَبْلَ الْاَكْلِ وَبَعْدَهُ

(٤) جَرَثُوْمَةُ الْاَمْرَاضِ سَبَبٌ عَدْوىُ الْاَمْرَاضِ وَ اِنْتِقَالِهَا

(٥) فَائِدَةُ الْاِلْعَابِ الرِّيَاضِيَةِ نِشَاطُ الذِهْنِ وَالْبَدَنِ

(٦) فَائِدَةُ الْاِسْتِحْمَامِ تَنْشِيطُ الْبَدَنِ

التمرين ٦ فِى الْاِعْرَابِ (مشق نمبر ٦ اعراب کے متعلق مشق)

(ا) نموذج: نمونه

يَسِيْرَ النَاسُ عَلٰى جانِبَى الشَارِع

يَسيرُ: فعل مضارع مرفوع بالضمة
فعل مضارع مرفوع ہے ضمہ کے ساتھ

الناسُ: فاعل مرفوع بالضمة
فاعل مرفوع ضمہ کے ساتھ

علٰی: حرف جر مبنی علی السکون
حرف جر مبنی بر سکون ہے۔

جانبی: مجرور بعلی و علامة جره الیاء لانه مثنی
مجرور ہے علی کی وجہ سے اس کی جر کی علامت یاء ہے اس لئے کہ وہ تثنیہ ہے۔

الشارعِ: مضاف الیه مجرور بالکسر
مضاف الیہ مجرور ہے کسرہ کے ساتھ۔

(ب) اَعْرِبِ الْجُمَلَ الآتِيَةَ۔

آنے والے جملوں کا اعراب بتائیں۔

(۱) نَابَا الْفِيلِ طَوِيلَتَانِ (۲) بَاتَ النَّاجِحُونَ نَاعِمِي الْبَالِ

(۳) اِنَّ تَعْلِيمَ الْفَتَيَاتِ اَسَاسُ سَعَادَةِ الْاُمَّةِ

(۱) نَابَا: تثنیہ مذکر حالت رفعی میں ہے مبتداء ہے رفع الف کے ساتھ ہے مضاف ہے اضافت کی وجہ نون گرگئی ہے۔

الْفِيلِ: مضاف الیہ مجرور ہے اور جر کسرہ کے ساتھ۔

طویلتان: مرفوع ہے الف کے ساتھ اس تثنیہ کا کلمہ ہے خبر واقع ہو رہا ہے۔

(۲) بَاتَ: فعل ماضی ہے مبنی بر فتح ہے۔

الناجحون: جمع مذکر سالم ہے فاعل ہے مرفوع رفع واؤ کے ساتھ ہے۔

نَاعِمِيَ: جمع مذکر سالم ہے منصوب ہے حالت منصبی یاء کے ساتھ ہے۔نون اضافت کی وجہ سے گرگئی ہے۔

الْبَالِ: مجرور ہے مضاف الیہ ہونے کی وجہ سے خبر کسرہ کی صورت میں ہے۔

(۳) اِنَّ: حرف ہے حروف مشبہ بالفعل سے مبنی بر فتحہ ہے۔

تعلیم: منصوب ہے انّ کا اسم ہونے کی وجہ سے اور تنوین اضافت کی وجہ سے گر گئی ہے نصب فتحہ کے ساتھ ہے۔

الفتیات: جمع مذکر سالم ہے حالت جری میں اور جر کسرہ کے ساتھ ہے۔

اساس: مرفوع ہے اِنَّ کی ضمیر ہونے کی وجہ اور تنون مضاف ہونے کی وجہ سے گر گئی ہے۔ رفع ضمہ کے ساتھ ہے۔

سعادۃ: مجرور ہے مضارع پر ہونے کی وجہ سے جر کسرہ کے ساتھ ہے۔ تنوین اضافت کی وجہ سے گر گئی ہے۔

الْاُمَّۃِ: مضاف الیہ مجرور ہے اور جر کسرہ کے ساتھ ہے۔

○○○

اَلْاَسْمَاءُ الْخَمْسَةُ وَاِعْرَابُهَا

اسمائے خمسہ اور اُن کے اعراب

اَلْاَمْثِلَةُ: مثالیں

(۱) جَاءَ اَبُوْ سَعِيْدٍ	(۱) وَدَّعْنَا اَبَا سَعِيْدٍ	(۱) رَضِيْنَا عَنْ اَبِىْ سَعِيْدٍ
سعید کا باپ آیا	ہم نے سعید کے باپ کو الوداع کہا	ہم سعید کے باپ سے راضی ہوئے
(۲) اَبُوْكَ طَبِيْبٌ مَاهِرٌ	(۲) يُجِلُّ النَّاسُ اَبَاكَ	(۲) يَثِقُ النَّاسُ بِاَبِيْكَ
تیرا باپ ماہر طبیب ہے	لوگ تیرے باپ کا احترام کرتے ہیں	لوگ تیرے باپ پر اعتماد کرتے ہیں
(۳) كَانَ اَبُوْكَ رَجُلًا حَازِمًا	(۳) لَعَلَّ أَبَاكَ طَبِيْبٌ مَاهِرٌ	(۳) رَضِيَ النَّاسُ عَنْ اَبِيْكَ
تیرا باپ دور اندیش آدمی تھا	شاید تیرا باپ ماہر طبیب ہے	لوگ تیرے باپ سے راضی ہیں
(۴) لَعَلَّ الْقَادِمَ اَبُوْ مُحَمَّدٍ	(۴) اِنَّ اَبَا مُحَمَّدٍ رَجُلٌ شَرِيْفٌ	(۴) يَشْكُرُ النَّاسُ لِاَبِىْ مُحَمَّدٍ
شاید آنے والا محمد کا باپ ہے	بے شک محمد کا باپ شریف آدمی ہے	لوگ محمد کے باپ کا شکریہ ادا کرتے ہیں

اَلْبَحْثُ (تحقیق)

كَلِمَةُ "اَبٌ" فِى جَمِيْعِ الْاَمْثِلَةِ الْمُتَقَدِّمَةِ اِسْمٌ، وَهِىَ مُضَافَةٌ فِى

كُلِّ مِثَالٍ إِلٰى كَلِمَةٍ أُخْرٰى غَيْرِ الْبَاءِ الَّتِي تَدُلُّ عَلَى الْمُتَكَلِّمِ ، وَإِذَا تَأَمَّلْتَهَا فِي جَمِيعِ تَرَاكِيبِ الْقِسْمِ الْأَوَّلِ وَجَدْتَهَا مَرْفُوعَةً، لِأَنَّهَا فِي التَّرْكِيبِ الْأَوَّلِ فَاعِلٌ وَفِي الثَّانِي مُبْتَدَأٌ، وَفِي الثَّالِثِ اِسْمُ كَانَ وَفِي الرَّابِعِ خَبَرُ لَعَلَّ۔

کلمہ "اَبٌ" پہلے دی گئی تمام مثالوں میں اسم ہے اور وہ ہر مثال میں دوسرے کلمہ کی طرف بغیر یاء کے مضاف ہے وہ یاء جو کہ متکلم پر دلالت کرتی ہے اور جب قسم اول کی تمام ترکیبوں میں غور کرے تو ان تمام کو مرفوع پائے گا۔ اس لئے کہ وہ پہلی ترکیب میں فاعل ہے اور دوسری میں مبتداء ہے اور تیسری میں کان کا اسم ہے اور چوتھی لَعَلَّ کی خبر ہے۔

وَإِذَا تَأَمَّلْتَهَا فِي الْقِسْمِ الثَّانِي وَجَدْتَهَا مَنْصُوبَةً فِي جَمِيعِ تَرَاكِيبِهِ، لِأَنَّهَا مَفْعُولٌ بِهٖ فِي التَّرْكِيبَيْنِ الْأَوَّلَيْنِ۔ وَاِسْمُ لَعَلَّ وَإِنَّ فِي التَّرْكِيبَيْنِ الْأَخِيرَيْنِ وَإِذَا تَأَمَّلْتَهَا فِي الْقِسْمِ الثَّالِثِ وَجَدْتَهَا مَجْرُورَةً فِي جَمِيعِ تَرَاكِيبِ لِأَنَّهَا مَسْبُوقَةٌ بِحَرْفٍ مِنْ حُرُوفِ الْجَرِّ فِي كُلِّ مِثَالٍ۔

اور جب دوسری قسم میں غور کرے تو تو اس کو منصوب پائے گا تمام ترکیبوں میں۔ اس لئے کہ وہ مفعول بہ ہے پہلی دو ترکیبوں میں اور لَعَلَّ اور ان کا اسم آخری دو ترکیبوں میں ہے اور جب تو تیسری قسم میں اس کلمہ کے اندر غور کرے تو اس کو مجرور پائے گا تمام ترکیبوں میں اس لئے ہر مثال میں وہ کلمہ حروف جارہ میں سے حرف جر کے بعد ہے۔

فَمَا هِيَ عَلَامَةُ الرَّفْعِ وَالنَّصْبِ وَالْجَرِّ فِيهَا؟ إِذَا تَأَمَّلْنَا الْكَلِمَةَ "اَبٌ" فِي أَمْثِلَةِ الْقِسْمِ الْأَوَّلِ حَيْثُ هِيَ مَرْفُوعَةٌ۔ وَجَدْنَا الْوَاوَ تُلَازِمُهَا فِي جَمِيعِ التَّرَاكِيبِ، وَإِذَا تَأَمَّلْنَا فِي أَمْثِلَةِ الْقِسْمِ الثَّانِي حَيْثُ هِيَ مَنْصُوبَةٌ، وَجَدْنَا الْأَلِفَ تُلَازِمُهَا أَيْضًا فِي جَمِيعِ

التَرَاكِيبِ، وَاِذَا تَامَّلْنَا هَا فِي اَمْثِلَةِ الْقِسْمِ الثَالِثِ حَيْثُ هِيَ مَجْرُوْرَةٌ، وَجَدْنَا الْيَاءَ تُلَازِمُهَا اَيْضًا فِي جَمِيْعِ التَرَاكِيبِ۔ وَاِذًا لَابُدَّ اَنْ تَكُوْنَ الْوَاوُ هِيَ عَلَامَةُ رَفْعِهَا، وَالْاَلِفُ هِيَ عَلَامَةُ نَصْبِهَا وَالْيَاءُ هِيَ عَلَامَةُ جَرِّهَا۔

اس کے اندر رفع ،نصب اور جر کی کیا علامت ہے؟ جب ہم کلمہ''اَبٌ'' میں پہلی مثال کے اندر غور کرتے ہیں تو جہاں وہ مرفوع ہے ہم نے وہاں پر واؤ کو تمام ترکیبوں لازمی طور پر پایا۔ اور جب ہم نے قسم ثانی میں غور کیا اس حیثیت سے کہ وہ منصوب ہے ہم نے اس کو بھی تمام ترکیبوں میں الف پایا اور جب ہم نے تیسری قسم کی مثالوں کے اندر غور کیا اس حیثیت سے کہ وہ مجرور ہے۔ ہم نے یاء کو پایا جو کہ تمام ترکیبوں میں لازم بھی ہے۔ اس وقت یہی ضروری ہے کہ وہ واؤ ہی اس کے رفع کی علامت ہے اور الف وہ علامت ہے اس کے منصوب ہونے کی اور یاء اس کے جر کی علامت ہے۔

هٰذَا وهُنَاكَ اَرْبَعَةٌ اَسْمَاءٌ اُخْرٰى، حُكْمُهَا حُكْمُ هٰذِهِ الْكَلِمَةِ فِي اَعْرَابِهَا بِالْوَاوِ وَالْاَلِفِ وَالْيَاءِ رَفْعًا وَنَصْبًا وَجَرًّا وَهِيَ۔ اَخٌ وَ حَمٌ وَفُوْ، وَذُوْ بِشَرْطِ اَنْ يَكُوْنَ كُلٌّ مِنْهَا لِغَيْرِيَاءِ الْمُتَكَلِّمِ۔ فَنَقُوْلُ هٰذَا اَخُوْكَ۔ وَرَاَيْتُ اَخَاكَ، وَرَضِيْتُ عَنْ اَخِيْكَ وهٰكَذَا، وتُسَمّٰى هٰذِهِ بالْاَسْمَاءِ الْخَمْسَةِ۔

کلام عرب میں اس طرح پر چار دوسرے اسم بھی ہیں جن کے اعراب کا حکم انہی کلمات کے اعراب میں ہے یعنی حالت رفعی میں واؤ حالت نصبی میں الف اور حالتِ یا میں جر کے ساتھ اور اسماء پر ہیں بشرطیکہ ان چاروں میں سے ہر ایک یائے متکلم کے غیر کی طرف مضاف ہو پس ہم کہتے ہیں۔ ہٰذا اَخُوْكَ اور رَاَيْتُ اخاكَ اور رَضِيْتُ عَنْ اَخِيْكَ اور اسی طرح ان اسماء کا نام رکھا جاتا ہے اسماء خمسہ۔

اَلْقَوَاعِدُ (قواعد):

(٦١) اَلْاَسْمَاءُ الْخَمْسَةُ هِيَ، اَبٌ وَ اَخٌ وَحَمٌ، وَفُوْ وَ ذُوْ۔

اسمائے خمسہ وہ یہ ہیں۔ اَبٌ، اَخٌ، حَمٌ، فُو اور ذُو۔

(٦٢) اَلْاَسْمَاءُ الْخَمْسَةُ تُرْفَعُ بِالْوَاوِ وَتُنْصَبُ بِالْاَلِفِ وَتُجَرُّ بِالْيَاءِ، وَيُشْتَرَطُ فِي اِعْرَابِهَا هٰذَا الْاِعْرَابَ اَنْ تَكُوْنَ مُضَافَةً لِغَيْرِ يَاءِ الْمُتَكَلِّمِ۔

اسماء خمسہ کو رفع واؤ کے ساتھ نصب الف کے ساتھ اور جر یاء کے ساتھ دیا جاتا ہے اور ان کے کا یہ اعراب اس وقت ہوگا کہ جب یہ اسماء یاء متکلم کے علاوہ کسی دوسرے اسم کی طرف مضاف ہوں۔

فائدہ: یعنی اگر یہ یائے متکلم کی طرف مضاف ہونگے تو پھر ان کا اعراب کوئی دوسرا ہوگا۔

تمرینات (مشقیں)

التمرين ۱ (مشق نمبر۱)

عَيِّنْ فِي الْجُمَلِ الْآتِيَةِ مَاتَرَاهُ مِنَ الْاَسْمَاءِ الْخَمْسَةِ مَرْفُوْعًا اَوْ مَنْصُوْبًا اَوْ مَجْرُوْرًا وَبَيِّنِ السَّبَبَ، وَعَلَامَةَ الْاِعْرَابِ فِي كُلٍّ۔

آنے والے اسماء میں سے اسماء خمسہ کو مرفوع اور منصوب اور مجرور ہونے کے اعتبار سے متعین کیجئے اور ہر ایک میں اعراب کی علامت اور سبب بیان کریں۔

(۱) ذُوْالْمَالِ مَحْسُوْدٌ

(۲) لَاتَضَعْ اِصْبَعَكَ فِي فِيْكَ

(۳) عَظِّمْ حَمَا اَخِيْكَ كَمَا تُعَظِّمُ اَبَاكَ

(۴) اَبُوْكَ ذُوْجَاهٍ عَظِيْمٍ

(۵) اِحْتَرِمْ اَخَاكَ الْاَكْبَرَ

(۶) اِعطَفْ عَلٰی اَخِیْكَ الْاَصْغَرَ

(۷) ضَعْ يَدَكَ عَلٰی فِيْكَ عِنْدَ التَّثَاؤُبِ

(۸) اِغْسِلْ فَاكَ بَعْدَ اَكْلِ طَعَامٍ

حل: اسمائے خمسہ کی اعراب کے اعتبار سے تعیین:

مرفوع:

ذُو مال: مبتداء ہونے کی وجہ سے مرفوع اور رفع واؤ کے ساتھ ہے۔

ابُوْكَ: مبتداء ہونے کی وجہ سے مرفوع اور رفع واؤ کے ساتھ ہے۔

ذو جاہٍ: مبتداء ہونے کی وجہ سے مرفوع اور رفع واؤ کے ساتھ ہے۔

منصوب

حَمَا: مفعول بہ منصوب ہے۔نصب الف کے ساتھ

ابَاكَ: مفعول بہ منصوب ہے۔نصب الف کے ساتھ

اَخَاكَ: مفعول بہ منصوب ہے۔نصب الف کے ساتھ

فَاكَ: مفعول بہ منصوب ہے۔نصب الف کے ساتھ

مجرور

فِيْكَ: مجرور ہے حرف جر کی وجہ اور جر یاء کے ساتھ ہے۔

اَخِيْكَ: مجرور ہے مضاف الیہ ہونے کی وجہ سے جر اور جر یاء کے ساتھ ہے۔

التمرين ۲ (مشق نمبر۲)

(۱) اِيْتِ بِثَلَاثِ جُمَلٍ فِی كُلٍّ مِنْهَا اِسْمٌ مَرْفُوْعٌ مِنَ الْاَسْمَاءِ الْخَمْسَةِ

اسمائے خمسہ میں سے تین جملے اس طرح بنائیے کہ ہر ایک ان میں سے مرفوع ہو۔

ذَهَبَ حَمُوكِ۔ جَاءَ اَخُوكَ۔ ضَرَبَ اَبُوكَ

خَرَجَ ذُوْمَالٍ۔ لِمَ يَتَحَرَّكُ فُوْكَ

(۲) اِيْتِ بِثَلَاثِ جُمَلٍ فِی كُلٍّ مِنْهَا اِسْمٌ مَنْصُوْبٌ مِنَ الْاَسْمَاءِ الْخَمْسَةِ ۔

تین جملے اسمائے خمسہ میں سے اس طرح بنائیے کہ ہرایک ان سے منصوب ہو۔

إِنَّ أَخَاكَ غَائِبٌ أَكْرِمِ أَبَاكَ أَعْطِي حَمَاكِ شَيْئًا

(۳) اِیْتِ بِثَلَاثِ جُمَلٍ فِي كُلٍّ مِنْهَا اِسْمٌ مَجْرُوْرٌ مِنَ الْأَسْمَاءِ الْخَمْسَةِ

تین جملے اسمائے خمسہ میں سے اس طرح بنائیے کہ ان میں سے ہرایک مجرور ہو۔

مَرَرْتُ بِذِيْ مَالٍ أُسَافِرُ إِلٰى حَمِيْكِ أَيُّ شَيْءٍ فِي فِيْكَ

التمرين ۳ (مشق نمبر ۳)

(۱) ضَعْ كُلَّ اِسْمٍ مِنَ الْأَسْمَاءِ الْخَمْسَةِ فِي جُمْلَتَيْنِ بِحَيْثُ يَكُوْنُ فِي إِحْدَاهُمَا فَاعِلًا وَفِي الْأُخْرىٰ مَفْعُوْلًا بِهٖ۔

اسمائے خمسہ میں سے ہرایک اسم کو دو جملوں میں اس حیثیت سے رکھیں کہ ان میں ایک فاعل اور دوسرا مفعول بہ بن رہا ہو۔

حل:

أَكَلَ أَبُوْكَ طَعَامًا، ذَهَبَ حَمُوْكِ إِلَى السُّوْقِ، جَاءَنِي ذُوْمَالٍ لِمَاذَا يَتَحَرَّكُ فُوْكَ، ضَرَبَ أَخُوْكَ زَيْدًا

مفعول کے جملے

أَخْرَجْتُ ذَالْحِمَارِ مِنَ الْبَيْتِ، ضَرَبْتُ أَخَاهُ، رَأَيْتُ أَبَاكَ دَعَوْتُ حَمَاكِ۔ اِغْسِلْ فَاكَ۔

(۲) ضَعْ كُلَّ اِسْمٍ مِنَ الْأَسْمَاءِ الْخَمْسَةِ فِي جُمْلَتَيْنِ بِحَيْثُ يَكُوْنُ فِي إِحْدَاهُمَا مُبْتَدَأً وَفِي الْأُخْرىٰ خَبَرًا۔

اسمائے خمسہ میں سے ہرایک اسم کو دو جملوں میں اس طرح رکھیں کہ ایک میں مبتداء اور دوسرے میں خبر بن رہا ہو۔

حل:

أَبُوْكَ مُهَنْدِسٌ۔ أَخُوْكَ غَائِبٌ، حَمُوْكِ غَنِيٌّ، فُوْكَ صَغِيْرٌ،

ذُوالمَالِ غَنِیٌّ

خبر کے جملے

مُدِیْرُ مَدرَسَتِنَا اَبُوْزَیْدٍ۔	اَلسَّابِقُ اَخُوْكَ
اُسْتَاذُ کَرِیمٍ حَمُوْكِ	اَلْاٰنِیْقُ فِی وَجْهِكَ هُوَ فُوْكَ، حَمْزَةُ ذُوْعِلْمٍ

(۳) ضَعْ کُلَّ اِسْمٍ مِنَ الْاَسْمَاءِ الْخَمْسَةِ فِی جُمْلَتَیْنِ بِحَیْثُ یَکُوْنُ فِی اِحْدَاهُمَا لِاِنَّ وَفِی الْاُخْرٰی اِسْمًا لِاَصْبَحَ۔

اسمائے خمسہ میں سے ہر اسم کو دو جملوں میں اس حیثیت سے رکھیں کہ ان میں سے ہر ایک میں ان کا اسم ہو اور دوسری میں اَصْبَحَ کا اسم ہو۔

حل:

اِنَّ کے اسماء	اصبح کے اسماء
اِنَّ اَبَاكَ مُجَاهِدٌ	اَصْبَحَ اَبُوْكَ مجاهِدًا
اِنَّ حَمَاكِ عَفِیْفٌ	اَصْبَحَ حَمُوكِ تَاجِرًا رَابِحًا
اِنَّ فَاكَ صَغِیْرٌ	اَصْبَحَ فُوْكَ نَظِیْفًا
اِنَّ ذَاالْمَالِ عَفِیٌّ	اَصْبَحَ ذُوْالْمَالِ مَجْنُوْنًا

(۴) ضَعْ کُلَّ اِسْمٍ مِنَ الْاَسْمَاءِ الْخَمْسَةِ فِی جُمْلَتَیْنِ بِحَیْثُ یَکُوْنُ فِی اِحْدَاهُمَا مَجْرُوْرًا بِحَرْفِ جَرٍّ وَفِی الْاُخْرٰی اِسْمًا مَجْرُوْرًا بِالْاِضَافَةِ۔

اسمائے خمسہ میں سے ہر اسم کو دو جملوں میں اس حیثیت سے رکھیں کہ ان دونوں میں ایک حرف جر کی وجہ سے مجرور ہو اور دوسرے میں اضافت کی وجہ سے مجرور ہو

حل:

مجرور	مجرور باضافت
اِسْتَاذِنْ عَنْ اَبِیْكَ	ذَهَبْتُ مَعَ اَبِیْكَ
مَرَرْتُ بِاَخِیْكَ	هٰذَا قَلَمُ اَخِیْكَ

ذَهَبْتُ اِلَى حَمِيْكِ   هٰذِهِ مِنْضَدَةُ حَمِيْكَ

لَاتَضَعْ قَلَمَكَ فِي فِيْكَ   هٰذَا مِنْدِيْلُ فِيْكَ

دَخَلْتُ عَلٰى ذِي مَالٍ   بَيْتُ ذِي مَالٍ وَسِيْعٌ

التمرین ۴ تمرین فی الاعراب (مشق نمبر ۴ اعراب کے متعلق مشق)

(أ) نموذج: (نمونه) حَضَرَ اَخُوْعَلِيٍّ   علی کا بھائی حاضر ہوا

(۱) حَضَرَ فِعْلٌ مَاضٍ مَبْنِيٌّ عَلَى الْفَتْحِ۔

فعل ماضی مبنی برفتحہ ہے۔

حضر: فَاعِلٌ مَرْفُوْعٌ باالواوِ لِاَنّه مِنَ الْاَسْمَاءِ الْخَمْسَةِ وَهُوَ مَضَافٌ

〃 فاعل مرفوع واو کے ساتھ اس لئے اسمائے خمسہ میں سے ہے اور وہ مضاف ہو رہا ہے۔

عَلِيٌّ: مُضَافٌ اِلَيْهِ مَجْرُوْرٌ بِالْكَسْرَةِ

〃 مضاف الیہ ہونے کی وجہ سے مجرور اور جر کسرہ کے ساتھ ہے۔

(۲) اَصْبَحَ مُحَمَّدٌ ذَايَسَارٍ

اَصْبَحَ: فِعْلٌ مَاضٍ مَبْنِيٌّ عَلَى الْفَتْحِ

〃 فعل ماضی مبنی برفتحہ

مُحَمَّدٌ: اِسْمٌ مَرْفُوْعٌ بِالضَّمَّةِ

〃 اصبح کا اسم مرفوع ضمہ کے ساتھ

ذَا: خَبَرُ اَصْبَحَ مَنْصُوْبٌ بِالْاَلِفِ وَهُوَ مُضَافٌ

〃 اصبح کی خبر منصوب ہے نصب الف کے ساتھ اور ذا مضاف ہو رہا ہے۔

يَسَارٍ: مُضَافٌ اِلَيْهِ مَجْرُوْرٌ بِالْكَسْرَةِ

〃 مضاف الیہ مجرور ہے اور جر کسرہ کے ساتھ ہے۔

(ب) اَعْرِبِ الْجُمَلَ الْآتِيَةَ   آنے والے جملوں کا اعراب بتائیں۔

(۱) اَبُوْ فَرِيْدٍ رَجُلٌ فَاضِلٌ (۲) لَيْتَ اَخَاصَالِحٍ مُقبِلٌ
(۳) يُحِبُّ النَّاسَ كُلُّ ذِی مَرُوْءَةٍ

(۱)ابو: مرفوع مبتداء، ہے رفع واؤ کے ساتھ ہے۔ فَرِيْدٍ: مجرور ہے مضاف الیہ ہونے کی وجہ سے جر کسرہ کے ساتھ۔ رَجُلٌ: مرفوع خبر ہے اور رفع ضمہ کے ساتھ ہے۔ فَاضِلٌ: مرفوع ہے صفت ہونے کی وجہ سے رفع ضمہ کے ساتھ ہے۔

(۲)لَيْتَ: فعل ماضی فعل از افعال ناقصہ مبنی برفتحہ۔

اَخا:- منصوب ہے بہت کا اسم ہونے کی وجہ سے نصب الف کے ساتھ ہے۔ صَالِحٍ: مجرور ہے مضاف الیہ ہونے کی وجہ جر کسرہ کے ساتھ ہے۔ مُقبِلٌ: مرفوع ہے لیت کی خبر ہونے کی وجہ سے افع ضمہ کے ساتھ ہے۔

(۳)يُحِبُّ: فعل مضارع مرفوع ہے رفع ضمہ کے ساتھ ہے۔ اَلنَّاسَ: منصوب ہے مفعول بہ مقدم ہونے کی وجہ سے نصب فتحہ کہ ساتھ ہے۔ كُلُّ: مرفوع فاعل مؤخر ہونے کی وجہ سے تنوین نہ آنے کی وجہ اضافت سے ہے۔ ذِی: مجرور ہے مضاف الیہ ہونے کی وجہ سے جر یاء کے ساتھ ہے۔ مَرُوْءَةٍ: مجرور ہے مضاف الیہ ہونے کی وجہ سے جر کسرہ کے ساتھ ہے۔

○○○

عَلَامَاتُ التَّانِيْثِ فِي الْاَفْعَالِ

افعال کے اندر تانیث کی علامات

اَلْاَمْثِلَةُ: مثالیں

(۱)	لَعِبَتْ فَاطِمَةُ	فاطمہ کھیلی۔
(۲)	لَبِسَتْ زَيْنَبُ الثَّوْبَ	زینب نے کپڑا پہنا۔
(۳)	دَاعَبَتْ هِرَّةٌ اَوْلَادَهَا	بلی اپنے بچوں کے ساتھ کھیلی۔
(۴)	اَكَلَتْ فَارَةٌ زُبْدًا	چوہے نے مکھن کھایا۔
(۵)	اَرْضَعَتْ شَاةٌ حَمَلًا	بکری نے بچے کو دودھ پلایا۔
(۶)	سَاعَدَتْ فَتَاةٌ اُمَّهَا	لڑکی نے ماں کا ہاتھ بٹایا۔
(۱)	تَلْعَبُ فَاطِمَةُ	فاطمہ کھیلتی ہے یا کھیلے گی۔
(۲)	تَلْبَسُ زَيْنَبُ الثَّوْبَ	زینب کپڑے پہنتی ہے یا پہنے گی۔
(۳)	تُدَاعِبُ هِرَّةٌ اَوْلَادَهَا	بلی اپنے بچوں سے کھیلتی ہے یا کھیلے گی۔
(۴)	تَاْكُلُ فَارَةٌ زُبْدًا	چوہا مکھن کھاتا ہے یا کھانے گا۔
(۵)	تُرْضِعُ شَاةٌ حَمَلًا	بکری بچے کو دودھ پلاتی ہے یا پلائے گی۔
(۶)	تُسَاعِدُ فَتَاةٌ اُمَّهَا	لڑکی اپنی ماں کا ہاتھ بٹاتی ہے یا بٹائے گی۔

اَلْبَحْثُ (تحقیق)

اُنْظُرْ اِلٰى اَمْثِلَةِ السَّابِقَةِ تَجِدُ اَنَّهَا جُمَلٌ فِعْلِيَّةٌ تَتَرَكَّبُ مِنْ فِعْلٍ و فَاعِلٍ، ثُمَّ انْظُرْ اِلَى الْفَاعِلِ فِي كُلِّ جُملَةٍ وَهُوَ، فاطمة، زينب، هرة، ...... تَرَ اَنَّهُ يَدُلُّ عَلٰى مُؤَنَّثٍ، وَعِنْدَ تَاَمُّلِ الْاَفْعَالِ الْمَاضِيَةِ فِي الْقِسْمِ الْاَوَّلِ وَالْمُضَارِعَةُ فِي الْقِسْمِ الثَّانِي، تَجِدُ فِي آخِرِ كُلِّ فِعْلٍ مَاضٍ تَاءً سَاكِنَةً وَفِي اَوَّلِ كُلِّ فِعْلٍ مُضَارِعٍ تَاءً مُتَحَرِّكَةً

آپ پہلے دی گئی مثالوں کی طرف توجہ کریں تو آپ ان کو ایسے جملہ فعلیہ پائیں گے کہ جو فعل اور فاعل سے مرکب ہیں۔ پھر آپ ہر جملے میں فاعل کی طرف توجہ کریں تو وہ فاطمہ، زینب ہرہ...... تو دیکھتا ہے کہ ان میں سے ہر ایک مؤنث پر دلالت کرتا ہے قسم اول میں افعال ماضیہ اور قسم ثانی میں افعال مضارعہ میں غور کرنے کے وقت آپ ہر فعل ماضی کے آخر میں تائے ساکنہ اور ہر فعل مضارع شروع میں تائے متحرکہ کو پائیں گے۔

وَلَمْ تَاتِ هٰذِهِ التَاءُ فِي آخِرِ الْمَاضِي وَفِي اَوَّلِ الْمُضَارِعِ اِلَّا لِاَنَّ الْفَاعِلَ مُؤَنَّثٌ وَتُسَمّٰى كُلُّ تَاءٍ مِنْهُمَا عَلَامَةُ التَانِيثِ

یہ فعل ماضی کے آخر اور فعل مضارع کے شروع میں نہیں مگر اس لئے کہ فاعل مؤنث ہوتا ہے۔ ان میں سے ہر تاء کا نام تانیث کی علامت رکھا جاتا ہے۔

اَلْقَوَاعِدُ (قواعد):

(۲۳) اِذَا كَانَ الْفَاعِلُ مُؤَنَّثًا كَانَ الْفِعْلُ مُؤَنَّثًا

جب فاعل مؤنث ہوگا تو فعل بھی مؤنث ہوگا۔

(۲۴) عَلَامَةُ التَانِيثِ فِي الْفِعْلِ الْمَاضِيَ تَاءٌ سَاكِنَةٌ فِي آخِرِهٖ

تانیث (مؤنث) کی علامت فعل ماضی کے اندر اس کے آخر میں تائے ساکنہ ہے۔

(۲۵) عَلَامَةُ التَانِيثِ فِي الْفِعْلِ الْمُضَارِعِ تَاءٌ مُتَحَرِّكَةٌ فِي اَوَّلِهٖ

تانیث کی علامت فعل مضارع کے اندر تائے متحرکہ اس کے شروع میں ہے۔

تمرینات (مشقیں)

التمرین ۱ (مشق نمبر ۱)

ضَعْ فَاعِلاً و مَفْعُوْلاً بِهٖ لِكُلِّ فِعْلٍ مِنَ الْاَفْعَالِ الْآتِيَةِ

آنے والے افعال میں سے ہر ایک فعل کے فاعل اور مفعول بہ تلاش کر کے

رکھیں۔

طَبَخَتْ، قَذَفَ، رَتَّبَتْ، تُطِيْعُ، حَبَسَ، تَغْسِلُ، يَشْتَرِىْ، نَظَمَتْ، رَبَطَ، تَخِيْطُ

حل:

(۱) طَبَخَتْ هِنْدَةُ خُبْزًا
(۲) قَذَفَ السَّامِرِى الذَهَبَ فِى الْيَمِّ
(۳) رَتَّبَتْ عَائِشَةُ اَشْيَاءَ الْبَيْتِ
(۴) تُطِيْعُ زَيْنَبُ وَالِدَيْهَا
(۵) حَبَسَ زَيْدٌ طَيْرًا فِى الْقَفَصِ
(۶) تَغْسِلُ حَائِضَةُ بَعْدَ انْقِطَاعِ الدَّمِ
(۷) يَشْتَرِىٌ خَالِدٌ قُطْنًا
(۸) نَظَمَتْ مُعَلِّمَةُ الطَّالِبَاتِ
(۹) رَبَطَ جَمِيْلٌ جَمَلَهُ بِشَجَرَةٍ
(۱۰) تَخِيْطُ فَاطِمَةُ ثِيَابَهَا

التمرين ۲ (مشق نمبر۲)

(۱) اِجْعَلْ كُلَّ اِسْمٍ مِنَ الْاَسْمَاءِ الآتِيَةِ فَاعِلاً لِفِعْلٍ يُنَاسِبُهُ۔

آنے والے اسماء میں سے ہر اسم کو فاعل اور اس کے مناسب فعل بنائیں۔

اللص، النملة، البعوضة، الحمار، البقرة، الذئب، الام، القطار، التلميذة، الجندى۔

حل:

(۱) متٰى سَرَقَ اللِصُّ
(۲) دَخَلَتِ النَمْلَةُ فِى بَيْتِهَا

(۳) قَاتَلَ الْجُنْدِیُ فِی مَیْدَانِ الْحَرْبِ

(۴) مَتٰی یَجِیْئُ الْقِطَارُ

(۵) لَاتَنُوْمُ الْبَعُوْضَةُ فِی اللَّیْلِ

(۶) هَرَبَ الذِئْبُ وَرَاءَ الغَنَمِ

(۷) نَهَقَ الْحِمَارُ

(۸) قَبَّلَتِ الْاُمُّ طِفْلاً

(۹) اَكَلَتِ البَقَرَةُ اَوْرَاقَ الشَّجَرَةِ

(۱۰) مَتٰی تَرْجِعُ التِلْمِیْذَةُ اِلَی البَیْتِ

التمرین ۳ (مشق نمبر۳)

(۱) اُكْتُبِ الْجُمَلَ الآتِیَةَ بَعْدَ جَعْلِ الْفَاعِلِ الْمُذَكَّرِ مُؤَنَّثاً فِی كُلِّ جُمْلَةٍ

آنے والے جملوں میں فاعل مذکر کی جگہ فاعل مؤنث تبدیل کریں۔

(۱) شَكَرَ الْوَلَدُ اُمَّهُ (۲) یَحْمِلُ الْبَائِعُ الْبُرْتقَالَ

(۳) یُرَبِّی الْفَلاحُ الدُجَاجَ (۴) شَعَرَ الفَقِیْرُ بِالْبَرْدِ

(۵) اَدْرَكَ الْمُسَافِرُ الْقِطَارَ (۶) یُحِبُّ الْمُعَلِّمُ الْمُجْتَهِدَ

حل:

(۱) شَكَرَتِ البِنْتُ اُمَّهَا (۲) تَحْمِلُ الْبَائِعَةُ الْبُرْتقَالَ

(۳) تُرَبِی الْفَلَاحَةُ الدَجَاجَةَ (۴) شَعَرَتْ الْفَقِیْرَةُ بِالْبَرْدِ

(۵) اَدْرَكَتِ الْمُسَافِرَةُ الْقِطَارَ (۶) تُحِبُ الْمُعَلِّمَةُ الْمُجْتَهِدَةَ

التمرین ۴ (مشق نمبر۴)

(۱) اُكْتُبِ الْجُمَلَ الآتِیَةَ بَعْدَ جَعْلِ الْفَاعِلِ الْمُؤَنَّثِ مُذَكَّرًا فِیْ كُلِّ جُمْلَةٍ

آنے والے جملوں میں فاعل مؤنث کو تبدیل کر کے مذکر لکھیں۔

(۱) خَافَتِ الْقِطَّةُ الْكَلْبَ (۲) تَاكُلُ الْحِمَارَةُ الْبِرْسِیْمَ

(۳) تَشْكُوْ الْمَرِيْضَةُ الْأَلَمَ (۴) اَحْسَنَتِ الْقَارِئَةُ الْقِرَائَةَ
(۵) تَعِبَتِ الْمَرْأَةُ مِنَ الْمَشْيِ (۶) تُعَاقِبُ النَاظِرَةُ الْبِنْتَ الْمُهْمَلَةَ

حل:

(۱) خَافَ الْقِطُّ الْكَلْبَ (۲) يَأْكُلُ الْحِمَارُ الْبَرْسِيْمَ
(۳) يَشْكُوْ الْمَرِيْضُ الْأَلَمَ (۴) تَعِبَ الْمَرْءُ مِنَ الْمَشْيِ
(۵) اَحْسَنَ الْقَارِئُ الْقِرَأَةَ (۶) تُعَاقِبُ النَاظِرُ الْوَلَدَ الْمُهْمَلَ

التمرين ۵ (مشق نمبر ۵)

(۱) هَاتِ اَرْبَعَ جُمَلٍ فِعْلُهَا مَاضٍ، وَالْفَاعِلُ مُؤَنَّثٌ وَ الْمَفْعُوْلُ بِهٖ مُذَكَّرٌ

چار جملے ایسے بنایئے کہ ان میں فعل ماضی ہواور فاعل موقوف اور مفعول بہ مذکر ہو۔

حل جملے:

(۱) شَكَرَتْ فَاطِمَةُ زَوْجَهَا (۲) عَلَّمَتِ الْمُعَلِّمَةُ تِلْمِيْذًا
(۳) زَارَأَتِ الطَّالِبَةُ اُسْتَاذَهَا (۴) خَافَتِ الْقِطَّةُ الْكَلْبَ

(۲) هَاتِ اَرْبَعَ جُمَلٍ فِعْلُهَا مَاضٍ وَالْفَاعِلُ مُذَكَّرٌ وَالْمَفْعُوْلُ بِهٖ مُؤَنَّثٌ۔

